Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد17 | منگل ، 20 اکتوبر 2026ء ، 8 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 177

وزیراعلیٰ کا بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی اور بروقت تشخیص کی اہمیت پر زور

لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا نواز شریف کینسر ہسپتال بنا رہے ہیں، کینسر ہسپتال میں ہر سٹیج کے بریسٹ کینسر سمیت مختلف کینسر کا علاج ہوگا، حکومت پنجاب کینسر کے مریضوں کو 10 لاکھ روپے تک مفت علاج کی سہولت فراہم کر رہی ہے

بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص کیلئے لیڈی ہیلتھ انسپکٹر ڈیٹا کلیکشن کیلئے اہم کردار ادا کررہی ہیں' وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی کے عالمی دن پر پیغام

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 37ویں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی کے عالمی دن پر آگاہی اور بروقت تشخیص کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کے لیے ہر ہسپتال میں خصوصی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ بریسٹ کینسر سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا (بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی کی لوٹ مار کے شواہد جلد سامنے لائیں گے

خیبر پختونخواہ کے 12 اضلاع سے دہشگردی کا خاتمہ کس طرح کیا جائیگا

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا تعلق معدنیات سے جوڑنا افسوسناک ہے' طارق فضل

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ بڑے بوجھل دل کے ساتھ کیا گیا اور یہ وفاقی حکومت کے پاس آخری آپشن تھا، صوبے میں دہشگردوں کے خلاف (بقیہ نمبر 14)

حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا' ڈی جی آئی ایس پی آر

سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، سعودی عرب کی خود مختاری اور (بقیہ نمبر 17)

97 اضلاع میں 2 نومبر سے انسدادِ پولیو مہم شروع ہوگی

پنجاب میں 2 9 لاکھ 8 7 ہزار سے زائد، سندھ میں 8 6 لاکھ 3 8 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی) ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملک بھر کے منتخب اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ نیشنل ایمرجنسی (بقیہ نمبر 16)

سائبر سیکیورٹی کیلئے جامع ایڈوائزری جاری

ڈیجیٹل و مالیاتی فراڈ، ڈیپ فیک کے بڑھتے خطرات، شہری مشکوک لنکس، آن لائن ٹرانزیکشنز، غیر مصدقہ مواد بارے محتاط رہیں، ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک میں ایک محفوظ، بااعتماد اور مستحکم سائبر سپیس کے قیام کے لئے قومی سطح پر سائبر سیکورٹی آگاہی ہفتہ 2026 کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، 23 اکتوبر (بقیہ نمبر 15)

لاہور، صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کررہی ہیں، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر اور سیکرٹری انفارمیشن طاہر رضا ہمدانی بھی ہمراہ ہیں

مولانا فضل الرحمان ٹی ٹی پی کو دہشگرد کہنے سے گریز کیوں کررہے ہیں؟ بغضِ مریم نواز میں پنجاب کے جرائم سے متعلق جھوٹا پروپیگنڈا کیا جارہا ہے

پنجاب حکومت کے اقدامات کا محور عام آدمی کی فلاح وبہبود ہے' عظمیٰ بخاری

خیبر پختونخوا میں معدنیات کے لائسنسوں اور فیملی لمیٹڈ کمپنیوں کا ریکارڈ موجود ہے، پنجاب میں زراعت اور لائیواسٹاک کی ترقی کے لیے 2 ہزار ارب روپے کی سرمایہ کاری متوقع ہے

مریم نواز کے منصوبوں سے روزگار، ہنرمندی اور برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہورہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کے دوسالہ دور میں 30 ہزار سے زائد ٹریکٹر فراہم کیے گئے ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

پنجاب کے ہر ضلع میں 11 سو الیکٹرک بسیں، 20 روپے کرائے میں باعزت سفری سہولت فراہم کررہے ہیں، مالی سال 25-2024ء میں ٹرانسپورٹ کے لیے فنڈز میں اضافہ کیا گیا، بلال اکبر خان

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبائی حکومت کے اقدامات کا محور عام آدمی کی فلاح و بہبود ہے۔ پنجاب کابینہ کے 37ویں اجلاس میں عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور معاشی بہتری کے اقدامات پر غور کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشگردی کے خلاف جنگ میں جام شہادت نوش کرنے والے فوجی جوانوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ ملک کے دفاع اور امن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ افسوس ناک امر ہے کہ بعض سیاسی رہنما آج بھی تحریک طالبان پاکستان کو دہشگرد تنظیم قرار دینے سے گریز کرتے ہیں۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کے مؤقف پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ دہشگردی کا شکار رہنے والی سیاسی جماعتوں کو دہشگردی کے معاملے پر دوٹوک مؤقف اختیار کرنا چاہیے۔ ملک کی محبت اور قومی مفاد کو ہر سیاسی وابستگی پر مقدم (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزارت خارجہ میں اشیائے ضروریہ کی برآمدات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ایک کمیٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا دورۂ تاجکستان، SCO کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کرینگے

تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول زادہ کی دعوت پر روانگی، رکن ممالک کے وزرائے اعظم اور اعلیٰ قیادت کی شرکت

ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ میں اقتصادی وتجارتی تعاون کے اہم فیصلے اور دوطرفہ ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد (اے پی پی): نائب وزیراعظم و وزیرِ خارجہ محمد اسحاق ڈار 19 اور 20 اکتوبر کو تاجکستان کے شہر دوشنبے میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہانِ حکومت کی کونسل (سی ایچ جی) کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ پیر کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار تاجکستان کے وزیراعظم قاہر رسول (بقیہ نمبر 12)

عظمیٰ بخاری کی صاحبزادی ودیعت فاطمہ رشتہ ازدواج میں منسلک

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی صاحبزادی ودیعت فاطمہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔ ودیعت فاطمہ کا نکاح بیرسٹر سید موسیٰ (بقیہ نمبر 19)

پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں ،نواز شریف

جو بھی دہشت گردی کررہے ہیں، انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے، سابق وزیراعظم

لندن (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں، ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں۔ ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع پر میڈیا گفتگو کے دوران پاک فوج کی (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی میں سرکاری ونجی سکولوں کی عمارتوں کی مضبوطی اور فائر سیفٹی انتظامات کی جانچ کے لیے 47 ٹیمیں تشکیل

سرکاری ونجی سکولوں کا اسٹرکچرل آڈٹ اور فائر سیفٹی جائزہ لینے کا فیصلہ

سی ایم پنجاب یوتھ گیمز میں طلبہ کی زیادہ سے زیادہ رجسٹریشن یقینی بنانے کے لیے نجی سکولوں کو بھی بھرپور کردار ادا کرنے کی ہدایت

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فضائل مدثر کی صدارت میں اہم اجلاس، اسسٹنٹ کمشنرز کو 22 اکتوبر تک رجسٹریشن کی مانیٹرنگ کی ہدایت

سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 میں طلبہ کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کا حکم؛ نجی سکول ایسوسی ایشن کا مکمل تعاون کا اعادہ

راولپنڈی (این ای این) سرکاری ونجی سکولوں کی عمارتوں کے اسٹرکچرل آڈٹ، فائر سیفٹی انتظامات اور سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 میں طلبہ کی رجسٹریشن کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر کی صدارت میں ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن، پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن کے نمائندگان اور مختلف سکولوں کے (بقیہ نمبر 8)

38 ہزار سرکاری سکولوں میں سالانہ سکول شماری 21 اکتوبر سے ہوگی

تعلیمی سال 27-2026 کے لیے سکول شماری 31 اکتوبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب کے 38 ہزار سرکاری سکولوں میں تعلیمی سال 27-2026 کے لیے سالانہ سکول شماری 21 سے 31 اکتوبر تک کرنے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 31)

ڈیرہ غازی خان: وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، سردار فاروق احمد خان لغاری ایئرپورٹ توسیعی منصوبے کے مقام کے دورے کے بعد میڈیا نمائندوں سے گفتگو کررہے ہیں

سیکٹر ای الیون میں تاریخی آپریشن' 1,133 کنال سرکاری اراضی واگزار

شہریوں کی جانب سے سرکاری اراضی کو غیرقانونی تجاوزات سے واگزار کرانے اور تحفظ فراہم کرنے کے لیے سی ڈی اے کی بہترین کاوشوں کو سراہا گیا

وفاقی وزیر داخلہ کی ہدایات پر سی ڈی اے اور اسلام آباد پولیس کا مشترکہ ایکشن، ڈاکٹر انعم فاطمہ کی زیرِ نگرانی کامیابی

زمین واگزار ہوتے ہی سیکٹر E-12 میں بنیادی ڈھانچے اور ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز، شہریوں کا آپریشن پر اطمینان کا اظہار

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف غیرقانونی قابضین کیخلاف کارروائی کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ایک اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے سیکٹر ای بارہ میں 40 سال بعد غیرقانونی قابضین سے اربوں روپے مالیت کی 1,133 کنال قیمتی سرکاری اراضی کامیابی سے واگزار کروالی ہے۔ یہ اہم سنگ میل وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں حاصل کیا گیا۔ قیمتی سرکاری اراضی واگزار کرانے کا کام ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل (انفورسمنٹ)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈاکٹر انعم فاطمہ کی زیر نگرانی، اسلام آباد انتظامیہ، متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور اسلام آباد (بقیہ نمبر 11)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کا دن منایا گیا

ہر 9 میں سے ایک خاتون چھاتی کے سرطان کے خطرے سے دوچار ہے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پیر کو بریسٹ کینسر سے آگاہی کا دن منایا گیا۔ دنیا بھر کی طرح پاکستانی خواتین میں بھی یہ مرض عام ہے، پاکستانی خواتین اس مرض سے کتنا متاثر ہیں، بروقت تشخیص اور علاج کی کتنی افادیت ہے۔ پاکستانی خواتین کو (بقیہ نمبر 32)

سید محمد عظمت این اے 130 کیلئے لیسکو کے کوارڈی نیٹر مقرر

ریاض الدین کی سید محمد عظمت سے ملاقات، عہدہ ملنے پر مبارکباد پیش کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے دیرینہ کارکن سید محمد عظمت کو حلقہ این اے 130 کے لئے لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کا کوارڈی نیٹر مقرر کر دیا گیا۔ اسلامپورہ سوشل ویلفیئر سوسائٹی کے صدر ریاض الدین صوفی نے سید محمد عظمت سے ملاقات کر کے این اے 130 کے لیے لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کا کوارڈی نیٹر مقرر ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ ریاض الدین صوفی نے وزیراعظم کے پبلک افیئر ونگ کے سربراہ حمزہ شہباز شریف (بقیہ نمبر 21)

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر براجمان

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی کی شدت برقرار ہے اور لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر براجمان ہے۔ شہر میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 251 ریکارڈ کی (بقیہ نمبر 20)

کمشنر راولپنڈی ڈویژن کی زیرِ صدارت آبی وسائل سے متعلق اجلاس

راولپنڈی میں پانی کے شدید بحران کا خدشہ، واسا کی طلب ورسد میں 21 ملین گیلن کا فرق، تمام آبی منصوبوں پر جنگی بنیادوں پر کام کا حکم

ددھوچا ڈیم 92 فیصد مکمل، روزانہ MGD 35 پانی ملے گا، چہان ڈیم فلٹریشن پلانٹ کی دسمبر 2027ء تک مکمل ہونے کی پیشگوئی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے کہا کہ راولپنڈی میں پانی کی قلت ایک اہم مسئلہ ہے، جس میں آنے والے دنوں میں مزید شدت آئے گی۔ پانی کی اس شدید قلت کے خاتمے، آبی وسائل کی بہتری اور ڈیمانڈ وسپلائی میں موجود گیپ کو ختم کرنے کے لئے جنگی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر حکومتِ پنجاب کی ہدایت پر بڑے منصوبوں (بقیہ نمبر 9)

رکشے میں بیٹھی دو بہنوں کا قتل، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

ملزم کو رکشے کی جانب بھاگ کر آتے اور خواتین پر فائرنگ کرتے دیکھا جاسکتا ہے

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے یکہ توت میں رکشے پر فائرنگ کر کے دو خواتین کو قتل کرنے کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج تفتیشی ٹیم نے حاصل کرلی۔ پولیس کے مطابق دونوں خواتین آپس میں بہنیں تھیں، پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز تھانہ آغا میر جانی شاہ کی حدود گلدرہ روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم ملزم نے رکشے میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ (بقیہ نمبر 27)

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کا بینظیر بھٹو ہسپتال کا دورہ

ڈینگی وارڈ کا خصوصی معائنہ، تمام ضروری ٹیسٹس، بروقت تشخیص اور بلا تاخیر علاج فراہم کرنے کی سخت ہدایات

ڈاکٹرز اور عملے کو حاضری یقینی بنانے کا حکم، سرکاری ہسپتالوں میں غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے بینظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں اور وارڈز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور طبی عملے کی حاضری کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری علاج، بروقت طبی امداد اور ضروری ادویات کی فراہمی (بقیہ نمبر 10)

خاتون ٹیچر کیخلاف بینظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کی اپیل خارج

تین سال بعد یونیورسٹی خاتون ٹیچر کو تنگ کررہی ہے، جسٹس حسن اظہر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے خاتون ٹیچر کے خلاف بے نظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کی اپیل خارج کردی۔ قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ خاتون ٹیچر نے پی ایچ ڈی کے بعد 3 سال (بقیہ نمبر 22)

تھانہ ڈیفنس سی میں چیک ڈس آنرز کیس کا زیرحراست ملزم جاں بحق

لاہور (این این آئی) لاہور کے تھانہ ڈیفنس سی میں چیک ڈس آنر کیس کا ملزم پولیس کی حراست میں جاں بحق ہوگیا، ترجمان پولیس کے مطابق میڈیکل رپورٹ میں ملزم پر تشدد کے شواہد سامنے نہیں آئے۔ ترجمان انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق 40 سالہ ملزم (بقیہ نمبر 23)

ساڑھے چھ لاکھ عوض شادی کے دو روز بعد دلہن کو چھوڑ کر بھاگ گئی

سرگودھا (این این آئی) ساڑھے چھ لاکھ عوض شادی کے دو روز بعد دلہن کو چھوڑ کر بھاگ گئی پولیس نے فراڈیہ گینگ کے خلاف مقدمہ درج کر کے پولیس ملزمان کی تلاش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کندیاں میں کچھ ملی خیل کے محمد جاوید خان سے خانقاہ سراجیہ کے محمد وارث اور سیفن پل کے (بقیہ نمبر 24)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی ہاسٹل نمبر 1 سے ملحقہ گراؤنڈ میں شجر کاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا رہے ہیں

علیم خان کا میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس

میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے، عبدالعلیم خان

لاہور (این این آئی) پسنی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اظہارِ افسوس کرتے ہوئے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وفاقی وزیر اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے پسنی میں دھماکے کے نتیجے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے، عبدالعلیم خان نے (بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

خوشاب، تہرے قتل کا کیس، 2 مجرموں کو 3،3 بار سزائے موت کا حکم

خوشاب (این این آئی) خوشاب کی سیشن کورٹ نے 3 افراد کے قتل کے کیس میں 2 مجرموں کو 3، 3 بار سزائے موت کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے تہرے قتل کے مقدمے کا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے دونوں مجرموں پر 30،30 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 34)

ضبط شدہ سونے کی اینٹیں واپس نہ کرنے پر کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری

2 ہفتوں میں جواب طلب، اسمگلنگ ثابت ہونے تک سونا ضبط نہیں کیا جاسکتا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ضبط شدہ سونے کی اینٹیں واپس نہ کرنے پر کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری کردیا۔ ضبط شدہ سونے کی اینٹوں کی واپسی سے متعلق کیس کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوئی جس دوران عدالت نے سونے کی اینٹوں کے عوض تقریباً 48 لاکھ روپے کی ادائیگی کی پیشکش پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری اور 2 ہفتوں میں جواب طلب کرلیا۔ جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب (بقیہ نمبر 33)

پنجاب میں خفیہ کیمروں وجاسوسی آلات کی خرید و فروخت پر پابندی کا فیصلہ

خفیہ کیمروں سے لیس عینکوں، پین اور گھڑیوں سمیت دیگر ڈیوائسز کے استعمال پر بھی پابندی ہوگی

شہریوں کی نجی زندگی،، خواتین، بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے جاسوسی کے آلات پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا' ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے جاسوسی کے لئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا، خفیہ کیمروں اور ریکارڈنگ آلات سے لیس عینکوں، پین، گھڑیوں اور دیگر ڈیوائسز پر مکمل پابندی ہو گی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق جاسوسی کے آلات اور خفیہ الیکٹرانک ڈیوائسز کے استعمال اور خرید و فروخت پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، حکومتِ پنجاب نے شہریوں کی نجی زندگی اور ذاتی معلومات کے تحفظ کیلئے یہ اہم فیصلہ کیا۔ خاص طور پر خواتین اور بچوں کی حفاظت کو یقینی (بقیہ نمبر 25)

خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی، خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈیولپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

قوم میجر وجاہت وحید شہید کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں کے دوران 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ پیر کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے گوادر (شادی کور) آپریشن کے دوران میجر وجاہت وحید کے قیمتی جانی نقصان (بقیہ نمبر 29)

سپیشل برانچ کیلئے نئے انٹیلی جنس آپریٹرز بھرتی کرنے کا فیصلہ

انٹیلی جنس کیڈر کی 113 آسامیوں پر بھرتیوں کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کو سمری بھجوائی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سپیشل برانچ میں انٹیلی جنس آپریٹرز کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کا فیصلہ کر لیا۔ انٹیلی جنس کیڈر کی 113 آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب کو سمری بھجوائی گئی تاہم محکمہ خزانہ نے مالی وسائل کی کمی کے باعث 113 کے بجائے 61 اہلکار بھرتی کرنے کی سفارش کر دی۔ دستیاب تفصیلات (بقیہ نمبر 30)

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 4 دہشتگرد ہلاک، میجر وجاہت وحید شہید

آئی ای ڈی کے دھماکے میں میجر وجاہت وحید نے جامِ شہادت نوش کیا، عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا

سکیورٹی فورسز کا عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

راولپنڈی / قلات / گوادر (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی کے (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: محترم جسٹس سید حسن اظہر رضوی، عدالت کے احاطے میں پاکستان کی وفاقی آئینی عدالت کے قائم مقام چیف جسٹس کے طور پر حلف اٹھاتے ہوئے

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاکستان کا خلائی مشن

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کا پہلا خلا باز 25 نومبر کو چین کے خلائی مرکز سے خلا میں جائے گا اور پاکستان کا ہدف 2035ء تک چاند پر لینڈنگ ہے۔ پہلے پاکستانی خلاباز کی آئندہ ماہ خلا میں روانگی نہ صرف خلائی شعبے میں طویل ملکی جمود توڑنے کا سبب بنے گی بلکہ یہ نئی نسل کیلئے بھی ایک تحریک ثابت ہو گی۔ 1961ء میں پورے براعظم ایشیا میں سب سے پہلے پاکستان نے سپارکو کے نام سے خودمختار اور باقاعدہ خلائی ادارے کی بنیاد رکھی تھی مگر پینسٹھ برس کے بعد بھی پاکستان خلا میں سیٹلائٹ اور خلاباز کو بھیجنے کیلئے دوست ملک چین کی مدد کا محتاج ہے۔
اس کے مقابلے میں بھارت کا خلائی ادارہ سپارکو کے آٹھ برس بعد قائم ہوا تھا اور وہ 2014ء میں مریخ کے مدار اور 2023ء میں چاند کے جنوبی قطب تک پہنچنے والے پہلے ملک کا اعزاز حاصل کر چکا۔ آج دفاع سے لیکر انٹرنیٹ، موسمیاتی تغیرات اور زراعت تک ہر شے سیٹلائٹس کی محتاج ہے۔ اگر ہماری حکومتیں اپنے خلائی ادارے کو ضروری سہولتیں فراہم کرتیں اور خلا کی تسخیر کو اہم قومی مقاصد میں شامل کرتیں تو یقیناً سپارکو آج اس میدان میں سرخیل ہوتا۔ دیر آید درست آید! ماضی کی اس غفلت کو اب مستقبل کے اہداف کیلئے ایک سبق بنانے کی ضرورت ہے اور یاد رکھنا چاہیے کہ مربوط سرمایہ کاری اور ٹھوس لگن کے بغیر اس میدان میں ہم اپنی صلاحیتیں نہیں منوا سکتے۔

قرض کے ڈالر، درآمدی گاڑیاں اور معاشی خودفریبی *

تحریر: ابراہیم حسن مراد
سابق صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب

ہماری قومی معیشت کا المیہ وسائل کی کمی نہیں، بلکہ دستیاب وسائل، قیمتی زرمبادلہ اور مستقبل کی آمدنی کو دانش مندی سے استعمال نہ کرنا ہے۔ ہم ایک طرف عالمی مالیاتی اداروں سے مسلسل قرض لیتے، سخت شرائط قبول کرتے، ٹیکسوں اور مہنگائی کا بوجھ عوام پر ڈالتے اور بجلی کے نرخ بڑھاتے ہیں، مگر دوسری طرف ادھار لیے گئے ان قیمتی ڈالروں کا بڑا حصہ ایسی درآمدات پر خرچ کر دیتے ہیں جو نہ تو برآمدات میں قابلِ ذکر اضافہ کرتی ہیں، نہ صنعتی پیداوار کی رفتار بڑھاتی ہیں اور نہ ہی قرضوں سے نجات کی ضمانت دیتی ہیں۔
سوال یہ ہے کہ جب ہم آئی ایم ایف سے اربوں ڈالر قرض لینے کے لیے مہینوں مذاکرات کرتے، ہر قسط کے ساتھ نئی شرائط قبول کرتے اور پھر ان قرضوں پر سود بھی ڈالروں میں ادا کرتے ہیں، تو کیا اسی دوران گاڑیوں کے انجن، تیار شدہ گاڑیوں اور دیگر درآمدات پر اربوں ڈالر خرچ کرنا دانش مندی ہے؟ اگر ہماری برآمدات بیرونی اخراجات برداشت کرنے کے لیے کافی نہیں تو درآمدات پر خرچ ہونے والا ہر اضافی ڈالر بالآخر قرضوں اور معاشی دباؤ میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ قرض لے کر پیداواری مشینری خریدنا قابلِ فہم سرمایہ کاری ہو سکتی ہے، لیکن ایسی اشیاء کی درآمد میں اضافہ کرنا جن سے قرض واپس کرنے کی صلاحیت پیدا نہ ہو سکے، معاشی خودفریبی ہے۔
پاکستان کی تاریخ میں بجلی پیدا کرنے والے انڈی پینڈنٹ اداروں (آئی پی پیز) کے معاہدے دن دہاڑے ہونے والی سب سے بڑی لوٹ مار ثابت ہوئے۔ کاروباری شخصیات کے بھیس میں موجود مفاد پرست عناصر نے بیوروکریٹس اور سیاست دانوں کی ملی بھگت سے کھربوں روپے کما لیے۔ اس پورے نظام کا طریقہ کار بہت سادہ تھا، ذمہ داریاں ڈالروں میں طے کی گئیں، جبکہ آمدنی روپے میں حاصل ہوتی تھی۔ جب بھی روپے کی قدر گرتی ہے، قرض کا بوجھ بڑھ جاتا ہے، قرض بڑھتا تو بجلی کے نرخ بڑھ جاتے ہیں، اور بالآخر اس کی قیمت غریب عوام کو ادا کرنا پڑتی ہے۔
اب یہی طریقہ واردات مکمل تیار شدہ گاڑیوں اور ان کی مقامی طور پر اسمبلنگ کے لیے درآمد کیے جانے والے پرزہ جات کی درآمد میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ پاکستان نے گزشتہ مالی سال یعنی ۲۰۲۵-۲۶ میں گاڑیوں اور ان کی اسمبلنگ کٹس کی درآمد پر 2.496 ارب ڈالر خرچ کیے، جبکہ اس سے پچھلے سال یہ رقم 1.38 ارب ڈالر تھی۔ یوں ایک ہی سال میں اخراجات 81 فیصد بڑھ گئے، یعنی مزید 1.116 ارب ڈالر ڈالر ملک سے باہر چلے گئے۔
آخر اس قدر قیمتی زرمبادلہ خرچ کرنے سے ایسا کون سا قومی فائدہ حاصل ہوا جو ان بھاری اخراجات کا جواز بن سکے؟ یہ سب کچھ اس وقت ہوا جب پاکستان آئی ایم ایف کے 7 ارب ڈالر کے توسیعی قرض پروگرام کے تحت مالی مدد حاصل کر رہا تھا۔ اس پروگرام کی تحت سخت شرائط پر تقریباً 4.6 ارب ڈالر مختلف اقساط میں حاصل کرنے کا عمل، ملک کے ہر شہری کے بجلی کے بل اور ہر تنخواہ دار کی تنخواہ پر اثر انداز ہوا ہے۔ آئی ایم ایف کے جائزے کے بعد پاکستان تقریباً ایک ارب ڈالر قرض حاصل کرتا ہے، جبکہ گاڑیوں پر سالانہ ڈھائی ارب ڈالر خرچ کر دیتا ہے۔
یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ آئی ایم ایف سے حاصل ہونے والے ڈالروں کی ہر قسط براہِ راست گاڑیوں کی درآمد پر خرچ نہیں ہوتی، لیکن جب ملکی زرمبادلہ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ڈالروں میں قرض لینا پڑے تو درآمدات پر خرچ ہونے والے ہر ایک ڈالر کی قیمت بالآخر قومی معیشت کو ادا کرنا پڑتی ہے۔
اصل سوال یہ نہیں کہ گاڑیاں درآمد کیوں ہوتی ہیں، بلکہ یہ ہے کہ ان پر خرچ ہونے والے ڈالروں کے بدلے ہمیں کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟ کیا برآمدات بڑھتی ہیں، جدید ٹیکنالوجی منتقل ہوتی ہے، مقامی صنعت مضبوط ہوتی ہے یا روزگار اور پیداواری صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے؟ اگر ان سوالات کے واضح جواب موجود نہیں تو محض گاڑیوں کی فروخت اور اسمبلنگ کو معاشی ترقی قرار نہیں دیا جا سکتا۔
اب ذرا گاڑیوں کی اسمبلنگ کرنے والی صنعت پر نظر ڈالیے۔ آئی پی پیز کے منصوبوں کے پیچھے موجود بااثر کاروباری گروپ ہی اب گاڑیاں اسمبل کرنے والی صنعت میں سرمایہ لگا رہے ہیں۔ وہی لوگ، وہی طریقہ کار اور وہی ذاتی مفادات۔ ریاست کی طرف سے ایسی رعایتیں دی جاتی ہیں جن کا فائدہ صرف مخصوص کاروباری طبقے کو پہنچتا ہے، درآمدات کی قیمت ڈالروں میں ادا ہوتی ہے، منافع روپے میں حاصل کیا جاتا ہے، اور زرمبادلہ کی کمی پوری کرنے کے لیے ملک کو مزید قرض لینا پڑتا ہے۔
قرض کی مالی لاگت کو سمجھنے کے لیے ایک مثال دیکھیے۔ پاکستان نے اسی ماہ دو مرحلوں میں یورو بانڈ جاری کر کے 3 ارب ڈالر حاصل کیے، جن پر شرحِ سود 7.9 فیصد تک ہے۔ یہ رقم ایسے مالی انتظام کا حصہ تھی جس کے ذریعے اپریل میں سعودی عرب سے لیے گئے تین ماہ کے قرض کی ادائیگی کی گئی تھی، اور وہ قرض متحدہ عرب امارات کو واپس کرنے کے لیے لیا گیا تھا۔ یوں پاکستان ایک قرض ادا کرنے کے لیے دوسرا قرض لینے پر مجبور ہے۔ یہی وہ قیمت ہے جس کے لیے پاکستان کو اضافی ڈالر حاصل کرنا پڑتے ہیں۔ اگر 2.5 ارب ڈالر کے مساوی رقم 7.9 فیصد سالانہ شرحِ سود پر حاصل کی جائے تو صرف سود کی مد میں ہر سال 197.5 ملین ڈالر ادا کرنا پڑیں گے۔ اس میں دیگر فیسیں شامل نہیں اور نہ ہی قرض کی اصل رقم کی واپسی کا حساب شامل ہے۔
اگر ایک ڈالر کی قیمت 280 روپے فرض کی جائے تو یہ سود تقریباً 55.3 ارب روپے بنتا ہے، جبکہ روپے کی قدر گر کر 308 روپے فی ڈالر ہو جائے تو یہی رقم تقریباً 60.8 ارب روپے تک پہنچ جاتی ہے۔ یہ رقم تنخواہ دار طبقے سے حاصل ہونے والے اوسط ماہانہ انکم ٹیکس سے بھی کچھ زیادہ ہے۔ ایف بی آر کے عبوری اعداد و شمار کے مطابق سالانہ انکم ٹیکس وصولی 633 ارب روپے بتائی گئی ہے۔ یعنی قرض کی ڈالر میں اصل رقم اور شرحِ سود تبدیل ہوئے بغیر صرف روپے کی قدر گرنے سے قومی خزانے پر بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ یہی بیرونی قرض کی گرفت ہے جس سے کمزور معیشتوں کے لیے نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔
گاڑیوں کی درآمد کے حق میں ایندھن کی بچت کی دلیل عملی اعداد و شمار کے سامنے زیادہ مضبوط ثابت نہیں ہوتی۔ فرض کیجیے کہ ایک لاکھ درآمدی گاڑیاں سالانہ 15,000 کلومیٹر چلتی ہیں اور ہر 100 کلومیٹر پر پہلے استعمال ہونے والی گاڑی کے مقابلے میں پانچ لیٹر ایندھن بچاتی ہیں۔ اگر ایک لیٹر ایندھن کی قیمت 0.933 ڈالر ہو تو سالانہ بچت تقریباً
تقریباً سات کروڑ ڈالر کی بچت ہوگی۔ یہ 16.863 ارب ڈالر کے پٹرولیم مصنوعات کے درآمدی بل کا محض 0.4 فی صد بنتا ہے، جبکہ قرض پر سود کی تخمینی رقم کا بمشکل 35 فی صد ہے۔ اور یہ سب کچھ اصل قرض کا ایک پیسہ واپس کیے بغیر ہوگا۔ مزید یہ کہ اس مفروضے میں یہ بھی فرض کر لیا گیا ہے کہ گاڑیوں کا پورا بیڑا توانائی کی بچت کرنے والا ہے، جبکہ ان گاڑیوں کو چارج کرنے کے لیے درآمد شدہ ایندھن سے پیدا ہونے والی بجلی کے استعمال کو بھی نظر انداز کر دیا گیا ہے۔
ذرا یہ بھی دیکھیے کہ ان مراعات کا فائدہ کن لوگوں کو پہنچا۔ لینڈ کروزر اور فارچیونر رکھنے والوں نے ان کے بجائے ٹینک گاڑیاں خریدنا شروع کر دیں، جبکہ کرولا اور سوک خریدنے والے چنگان اور ہاول کی طرف چلے گئے۔ لیکن آلٹو خریدنے والے کو الیکٹرک گاڑی کے معاملے میں کچھ حاصل نہ ہوا۔ روزانہ اجرت پر کام کرنے والے اس مزدور کو، جو روزانہ ایک لیٹر پٹرول جلاتا ہے، نہ تو الیکٹرک اسکوٹر چارج کرنے کے لیے بجلی کے پانچ یونٹ مفت ملے اور نہ ہی اسکوٹر خریدنے کے لیے کوئی سبسڈی دی گئی۔ یوں مراعات آمدنی کی سیڑھی پر اوپر کھڑے لوگوں کو ملیں، جبکہ ان سے پیدا ہونے والے قرض کا بوجھ نیچے کھڑے لوگوں تک جا پہنچا۔
لہٰذا پالیسی سازوں کو اب باقی ماندہ فوائد بھی واضح طور پر ثابت کرنا ہوں گے: ملک کے اندر حقیقی قدر افزائی، پیداواری روزگار، برآمدات اور عام لوگوں کے لیے قابلِ برداشت سفری سہولتیں۔ ان تمام پہلوؤں کے اعداد و شمار عوام کے سامنے لائے جائیں، تاکہ لوگوں کو معلوم ہو سکے کہ ان مراعات کے بدلے ملک کو آخر کیا حاصل ہو رہا ہے۔
ایک عام آدمی بھی اس مسئلے کو فوراً سمجھ جائے گا۔ فرض کیجیے کہ ایک شخص بڑی مشکل سے اپنا گزارا کر رہا ہے۔ وہ پچاس ہزار روپے قرض لیتا ہے اور اگلی ہی صبح اس میں سے پچیس ہزار روپے کا موبائل فون خرید لیتا ہے۔ حالانکہ آٹھ ہزار روپے کا فون بھی اس کی ضرورت پوری کرنے کے لیے کافی تھا۔ اس صورت میں اس کے پاس بیالیس ہزار روپے بچ جاتے، جن سے وہ ریڑھی، اوزار یا سلائی مشین خرید سکتا تھا۔ یہ سب ایسی چیزیں ہیں جو کوئی کام دھندا شروع کرنے یا آمدنی بڑھانے میں مدد دیتیں اور یوں قرض کی واپسی کا ذریعہ بن سکتی تھیں۔ لیکن یہاں خواہشات نے ان وسائل کو ہڑپ کر لیا جو حقیقی ضروریات پوری کرنے کے لیے درکار تھے۔
ہم ایک ایسی خیالی دنیا میں رہ رہے ہیں جہاں ڈالر آموں کی طرح سمجھے جاتے ہیں، موسم آیا، ڈالر ملے، ہر کسی نے اپنا حصہ کھایا، لیکن کسی نے یہ نہیں سوچا کہ اگلے موسم کے لیے درخت کیسے لگایا جائے۔ حالانکہ ڈالر آم نہیں ہوتے، انہیں کمانا، بچانا اور اس طرح خرچ کرنا پڑتا ہے کہ آنے والے برسوں میں بھی ملک کے پاس ان کے حصول کے ذرائع موجود رہیں۔

آذربائیجان میں حجاب پر پابندی۔ مسلم امہ کی خاموشی کب ٹوٹے گی؟

کالم نگار — تلخ حقائق
راشدہ عمر میو
سمندری، فیصل آباد

ایک ایسے وقت میں جب دنیا بھر میں انسانی حقوق، تعلیم تک رسائی اور ذاتی آزادیوں کے گیت گائے جا رہے ہیں، ایک مسلم اکثریتی کشور آذربائیجان سے آنے والی خبریں دل کو خون کے آنسو رلاتی ہیں۔ آذربائیجان کی حکومت نے اسکولوں میں یکساں یونیفارم اور سیکولر نظام کے نفاذ کے نام پر مسلم طالبات اور معلمات کے حجاب پہننے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ معصوم بچیوں کو صرف اس لیے تعلیمی اداروں کے دروازوں سے واپس لوٹایا جا رہا ہے کیونکہ انہوں نے اپنے سروں کو حیا کی چادر سے ڈھانپا ہوا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ان طالبات کی سسکیاں اور آنسو کسی بھی غیرت مند انسان کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں، لیکن افسوس کہ عالمی برادری سمیت امت مسلمہ کے مقتدر حلقوں میں ایک عجیب سا جمود اور خاموشی طاری ہے۔
حالیہ دنوں میں دارالحکومت باکو اور مسالی جیسے اضلاع سے دل دہلا دینے والے مناظر سامنے آئے ہیں۔ اسکولوں کے باہر معصوم بچیوں اور ان کے والدین کے شدید احتجاج نے دنیا بھر کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی ہے۔ ایک دردناک واقعے میں اسکول نمبر 69 کے باہر طالبات نے احتجاجی بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر لکھا تھا کہ "حجاب تعلیم کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے"۔ سب سے زیادہ تکلیف دہ منظر وہ تھا جب اسکول کے اندر جانے سے روکے جانے پر ایک غیرت مند معلمہ اور ان کی طالبات نے علم اور حیا دونوں کی لاج رکھنے کے لیے اسکول کے باہر فٹ پاتھ پر ہی بیٹھ کر اپنی کلاس شروع کر دی۔ یہ احتجاج اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ دین سے محبت رکھنے والی بیٹیاں ان شاء اللہ؟ اپنے عقیدے پر آنچ نہیں آنے دیں گی۔ ان مظاہروں کو دبانے کے لیے درجنوں پرامن مظاہرین کو حراست میں لیا گیا لیکن جبر کے یہ ہتھکنڈے مظلوموں کی آواز کو دبا نہ سکے۔
حجاب کسی بھی مسلم خاتون کے لیے محض ایک کپڑے کا ٹکڑا یا کوئی ثقافتی علامت نہیں ہے، بلکہ یہ خالقِ کائنات کا ایک غیر متبادل اور ابدی حکم ہے۔ قرآن مجید میں اللہ رب العزت نے واضح الفاظ میں سورہ الاحزاب کی آیت نمبر 59 میں ارشاد فرمایا ہے کہ "اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیجیے کہ وہ اپنی چادروں کا ایک حصہ اپنے اوپر لٹکا لیا کریں یہ اس بات کے قریب تر ہے کہ وہ پہچانی جائیں تو انہیں ستایا نہ جائے"۔ اسی طرح محسنِ انسانیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی حیا اور پردے کی اہمیت کو ایمان کا حصہ قرار دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے کہ "حیا ایمان کا ایک اہم شعبہ ہے"۔ جب یہ حکم براہِ راست دین کی بنیادوں سے جڑا ہوا ہے تو کسی بھی ریاست کو یہ حق کیسے پہنچتا ہے کہ وہ مسلم بچیوں کو تعلیم اور اپنے عقیدے میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے پر مجبور کرے؟
تعلیم حاصل کرنا ہر لڑکی کا بنیادی حق ہے اور اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنا اس کی ذاتی آزادی کا حصہ ہے۔ آذربائیجان کا یہ اقدام نہ صرف اسلامی شعائر پر حملہ ہے بلکہ یہ مسلم لڑکیوں کو تعلیم کے حق سے محروم کر کے ان کا مستقبل تاریک کرنے کی ایک دانستہ کوشش ہے۔ سیکولرازم کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہونا چاہیے کہ اکثریت کے مذہبی حقوق کو پامال کر دیا جائے اور اسکولوں کے دروازے علم کی پیاسی بچیوں پر بند کر دیے جائیں۔ علم اور حیا کا چودہ سو سال پرانا ساتھ ہے اور علم کے نور کو حاصل کرنے کے لیے حیا کی چادر کو اتار پھینکنے کی شرط لگانا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔
اس نازک موڑ پر تمام مسلم ممالک خاص طور پر اسلامی تعاون تنظیم (OIC) کی یہ اولین ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ آذربائیجان کی معصوم طالبات کے حق میں اپنی آواز بلند کریں۔ مسلم حکمرانوں کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ معاشی اور سیاسی مفادات اپنی جگہ لیکن امت کے عقیدے اور ہماری بیٹیوں کی ردا کی حفاظت سب سے مقدم ہے۔ آج اگر ہم آذربائیجان کی بیٹیوں کے حق کے لیے کھڑے نہیں ہوں گے تو کل کسی اور ملک میں مسلم خواتین کی آزادی پر شب خون مارا جائے گا۔ تمام اسلامی ممالک کو چاہیے کہ وہ آذربائیجان کی حکومت کے ساتھ سفارتی اور سیاسی سطح پر اس معاملے کو اٹھائیں اور ان پر زور دیں کہ وہ اس ظالمانہ فیصلے کو فوری طور پر واپس لے۔ جب تک امت مسلمہ یکجا ہو کر حیا کے اس تحفظ کے لیے آواز نہیں اٹھائے گی تب تک ہماری بیٹیوں کے آنسو یوں ہی بہتے رہیں گے اور تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔

SHOWBIZ شوبز

عدنان صدیقی 23 اکتوبر کو 57 ویں سالگرہ منائیں گے

عدنان صدیقی نے 1990 کی دہائی کے اوائل میں ماڈل کے طور پر کام شروع ہوا

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار عدنان صدیقی 23 اکتوبر کو 57 ویں سالگرہ منائیں گے۔ عدنان صدیقی 23 اکتوبر 1969 کو لاہور میں پیدا ہوئے جس کے بعد ان کا خاندان کراچی منتقل ہو گیا۔ عدنان صدیقی نے 1990 کی دہائی کے اوائل میں ماڈل کے طور پر کام شروع ہوا۔ عدنان صدیقی نے ڈرامہ سیریل "عروسہ" سے ٹیلی ویژن کیریئر کا آغاز کیا۔ اس کے بعد انہوں نے متعدد سپر ہٹ ڈرامے دیئے۔ انہوں نے امریکی ٹیلی ویژن سیریز ہوم لینڈ میں کلیئر ڈینس کے ساتھ اپنے کردار کے لئے عالمی شہرت حاصل کی۔ عدنان صدیقی اپنے اہل خانہ کے ہمراہ اپنی سالگرہ کا کیک کاٹیں گے۔

50 سے زائد جدید سینما گھر تعمیر کرنے کا منصوبہ زیر غور

عوام کو سینما گھروں کی طرف واپس لانے کے لیے ابتدائی ہوم ورک شروع کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ملک میں سینما انڈسٹری کی بحالی اور فلمی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے 50 سے زائد نئے جدید سینما گھر تعمیر کرنے کے منصوبے پر غور شروع کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں ابتدائی ہوم ورک بھی شروع کر دیا گیا ہے جس یک تحت مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ نئے سینما گھروں کے قیام کا بنیادی مقصد عوام کو دوبارہ سینما کی تفریح کی طرف راغب کرنا اور فلمی صنعت کو نئی زندگی دینا ہے۔ جدید سہولتوں سے آراستہ سینما گھروں کی تعمیر سے فلموں کی نمائش کے لیے مزید مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ سینما گھروں کی تعداد میں اضافے سے فلموں کی نمائش کا دائرہ وسیع کرنے اور شائقین کو بہتر تفریحی سہولتیں فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ فلمی حلقوں کے مطابق سینما انڈسٹری کی پائیدار بحالی کے لیے جدید سینما گھروں کے قیام کے ساتھ معیاری فلموں کی تیاری اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری بھی ضروری ہے۔

فلم "ریڈلائن" انتہائی دلچسپ موضوع پر مبنی فلم ہے، سلیم البیلا

غلام محی الدین فلم کی تیاری کے لیے بھرپور محنت کر رہے ہیں' کامیڈین اداکار

لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈین اداکار سلیم البیلا نے کہا ہے کہ فلم "ریڈلائن" انتہائی دلچسپ موضوع پر مبنی فلم ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس پراجیکٹ میں شائقین میری اداکاری کو بیحد پسند کریں گے، غلام محی الدین فلم کی تیاری کے لیے بھرپور محنت کر رہے ہیں اور یہ ایک شاہکار فلم ثابت ہوگی۔ ایک انٹرویو میں سلیم البیلا نے بتایا کہ انہوں نے سید نور کی فلم "للکارا سنگھ اِن لاہور" میں بھی کردار ادا کیا ہے اور یہ فلم بھی انڈسٹری کے لئے ہوا کا تازہ جھونکا ثابت ہوگی۔ سلیم البیلا نے بتایا کہ مزید تین فلموں میں اداکاری کے لئے معاہدہ کیا ہے جس کی وجہ سے میری مصروفیات بڑھ گئی ہیں۔

طاہر عباس پی ایچ اے بہاولپور کے برانڈ ایمبیسیڈر مقرر

پی ایچ اے بہاولپور اور طاہر عباس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کھڈیاں خاص (این این آئی) پاکستان کے معروف گلوکار اور بین الاقوامی شہرت یافتہ فنکار طاہر عباس کو ہارٹیکلچر ایجنسی (پی ایچ اے) بہاولپور کا باضابطہ برانڈ ایمبیسیڈر مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بہاولپور لائبریری میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران پی ایچ اے بہاولپور کے منیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر نیئر مصطفیٰ اور گلوکار طاہر عباس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ اس اشتراک کا مقصد بہاولپور میں شجرکاری، ماحولیاتی تحفظ، پارکوں کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور سرسبز و شاداب ماحول کے فروغ کے لیے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت طاہر عباس پی ایچ اے بہاولپور کے لیے ایک خصوصی آفیشل ترانہ بھی تیار کریں گے، جس کی شاعری، کمپوزیشن، موسیقی اور ویڈیو پروڈکشن کے ذریعے شہر کی خوبصورتی اور ماحولیاتی تحفظ کا پیغام عوام تک پہنچایا جائے گا۔ واضح رہے کہ طاہر عباس پاکستان کے مقبول گلوکاروں میں شمار ہوتے ہیں۔

ٹائیگر شروف پر فائرنگ کرنیوالے ملزمان کی تصویر سامنے آ گئی

پولیس نے ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے 15 ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار ٹائیگر شروف پر ممبئی کے علاقے جوہو میں فائرنگ کے واقعے میں ملوث ملزمان کی تصویر سامنے آ گئی۔ پولیس نے حملے کے بعد ملزمان کی نقل و حرکت کا سراغ لگانے کے لیے تحقیقات تیز کر دیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعے کے مقام کے قریب لی گئی تصویر میں 2 افراد کو سفید شرٹ پہنے دیکھا جا سکتا ہے، جن میں سے ایک نے پوما کے لوگو والی سیاہ ٹوپی پہن رکھی ہے، پولیس تاحال دونوں ملزمان کی شناخت معلوم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ پولیس نے حملے میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی، جسے ملزمان فرار ہونے سے پہلے اندھیری ریلوے اسٹیشن پر چھوڑ گئے تھے۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق موٹر سائیکل ممبئی میں رجسٹرڈ ہے، تفتیشی حکام موٹر سائیکل کے رجسٹریشن ریکارڈ، نمبر پلیٹ، چیسز اور انجن نمبروں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ پولیس علاقے میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کا بھی تجزیہ کر رہی ہے تاکہ ملزمان کی نقل و حرکت کا پتہ لگایا جا سکے، دستیاب معلومات کے مطابق دونوں ملزمان کے ساتھ ایک تیسرا ساتھی بھی موجود تھا، جو موٹر سائیکل پر موقع پر پہنچا تھا۔ فوٹیج میں ایک شخص کو متعدد گولیاں چلاتے دیکھا جا سکتا ہے، جبکہ دوسرا شخص بھی فائرنگ کرنے کی کوشش کرتا دکھائی دیا، تیسرا شخص موٹر سائیکل پر موجود رہا، جو بظاہر اپنے ساتھیوں کو فرار ہونے میں مدد دینے کے لیے تیار تھا، واقعے کے بعد تینوں موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے۔ فائرنگ کا واقعہ اتوار کی شام پیش آیا۔

وجے کو شادی کیلئے آمادہ کرنے میں پورا سال لگا، رشمیکا مندانا

جوڑی نے اپنی نجی زندگی کو زیادہ تر میڈیا کی نظروں سے دور رکھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف جوڑی رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا نے اپنی شادی سے متعلق ایک دلچسپ انکشاف کیا ہے۔ رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا نے حال ہی میں کافی ود کرن کے سیزن 9 میں بطور مہمان شرکت کی۔ اس شو کے دوران میزبان کرن جوہر نے اس جوڑی سے یہ سوال پوچھا کہ دونوں میں سے شادی کے لیے پہلے کس نے پروپوز کیا؟ اس سوال کے جواب میں رشمیکا مندانا نے نفی میں سر ہلا دیا جب کہ وجے دیوراکونڈا نے کہانی سنانا شروع کر دی اور بتایا کہ رشمیکا مجھ سے مسلسل کہتی رہیں چلو شادی کر لیتے ہیں اور یہ بات میں تقریباً 100 مرتبہ سن چکا تھا۔ کرن جوہر نے حیرت سے رشمیکا مندانا سے اس بات کی تصدیق چاہی تو اداکارہ نے مسکراتے ہوئے کہا کہ میں پورے ایک سال تک انہیں شادی کے لیے آمادہ کرتی رہی۔ رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا نے 2018 کی تیلگو فلم گیتا گووندم میں ایک ساتھ کام کیا تھا اور اس کے بعد دونوں فلم ڈیئر کامریڈ میں بھی نظر آئے۔ دونوں کی آن اسکرین کیمسٹری کے باعث طویل عرصے تک دونوں کے تعلقات سے متعلق قیاس آرائیاں ہوتی رہیں لیکن اس جوڑی نے اپنی نجی زندگی کو زیادہ تر میڈیا کی نظروں سے دور رکھا اور پھر فروری 2026 میں شادی کر لی۔

معروف اداکار و پروڈیوسر صمد عارض پاکستان پہنچ گئے

کھڈیاں خاص (این این آئی) معروف اداکار و پروڈیوسر صمد عارض پاکستان پہنچ گئے جہاں ان کی شوبز سرگرمیاں جاری ہیں۔ پاکستان آمد کے بعد صمد عارض نے سپر اسٹار اداکار شان شاہد اور معروف اداکارہ امر خان سے ملاقات کی، جبکہ نامور گلوکار ملکو کے پرفیوم برانڈ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کر کے تقریب کی رونق بڑھا دی۔ صمد عارض نے اپنی نئی فلم تیاری کے حوالے شوبز شخصیات سے ملاقات کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ ان کی معروف فنکاروں سے ملاقاتوں نے انٹرٹینمنٹ حلقوں میں توجہ حاصل کی ہے۔ شان شاہد پاکستانی فلم انڈسٹری کے نمایاں اداکاروں میں شمار ہوتے ہیں، جبکہ اداکارہ امر خان نے بھی اپنی اداکاری کے ذریعے شوبز انڈسٹری میں منفرد پہچان بنائی ہے۔ دونوں فنکاروں سے صمد عارض کی ملاقات ان کی۔

SPORTS سپورٹس

بیٹر محمد رضوان کے معاملات بہتری کی جانب گامزن ہو گئے

وکٹ کیپر بیٹر کسی محاذ آرائی میں پڑنے سے گریز کرنا چاہتے ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے سابق کپتان اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کے معاملات بہتری کی جانب گامزن ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق 34 سالہ محمد رضوان نے ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مانگ لی ہے، انہیں معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے سے گریز کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وکٹ کیپر بیٹر کسی محاذ آرائی میں پڑنے سے گریز کرنا چاہتے ہیں اور اپنی کرکٹ پر فوکس کرنے کے خواہشمند ہیں۔ ذرائع کے مطابق بورڈ کی سطح پر سابق کپتان محمد رضوان کی کرکٹ بحال کرنے پر کوششیں کی جارہی ہیں، وکٹ کیپر بیٹر بھی جلد از جلد کرکٹ میدان میں واپسی کے خواہشمند ہیں۔

نیشنل بینک کا اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ

پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے نیشنل بینک کے اقدام کا پرجوش خیرمقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں قومی کھیل ہاکی کی بحالی کی کوششوں میں ایک بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے، نیشنل بینک آف پاکستان نے اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا، اس قدم کو قومی کھیل کی ادارہ جاتی سرپرستی کی بحالی کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان کی ہاکی برادری، بالخصوص ان باصلاحیت اور جوان کھلاڑیوں کے لیے انتہائی خوش آئند ہے جو روزگار کے پائیدار مواقع اور اعلیٰ سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کے لیے پلیٹ فارم کے منتظر تھے۔ کھلاڑیوں کی بھرتی کا عمل فوری طور پر شروع کیا جا رہا ہے جبکہ نیشنل بینک کی ہاکی ٹیم آنے والے قومی کھیلوں (نیشنل گیمز) میں بھی حصہ لے گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے اس مثبت اقدام کا پرجوش خیرمقدم کرتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ ایک بڑے قومی ادارے کی ڈیپارٹمنٹل ہاکی میں واپسی سے ملکی ہاکی کے ڈھانچے کو استحکام ملے گا

اسلام آباد سٹی اور اسمرفز کا شی لیگ جونیئرز میں فاتحانہ آغاز

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سٹی اور اسمرفز نے ہفتے کے روز جناح اسٹیڈیم فٹسال فیلڈز میں اپنے اپنے میچز جیت کر شی لیگ جونیئرز میں فاتحانہ آغاز کیا۔ اسلام آباد سٹی نے چنزی کی شاندار ہیٹ ٹرک اور مومنہ کے دو گولز کی بدولت وائبریٹ ایف سی کو 3-6 سے شکست دی۔ وائبریٹ ایف سی کی جانب سے ہونیا نے دو گول اسکور کیے۔ دوسری جانب اسمرفز نے مشراح عمر کی ہیٹ ٹرک کی بدولت سخت مقابلے کے بعد مڈفیلڈ ایف سی کو 4-6 سے ہرا دیا۔ اس شکست کے ساتھ مڈفیلڈ ایف سی کا مسلسل دو فتوحات کا ریکارڈ بھی ختم ہو گیا۔ مڈفیلڈ ایف سی کی جانب سے حیا نے دو گول کیے۔ شی لیگ سینئرز ایونٹ میں اسمرفز نے ہنزہ سٹی کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 14-1 سے شکست دے کر مسلسل دوسری فتح حاصل کی۔

25 ویں نیشنل نیٹ بال چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام 25 ویں نیشنل مینز اینڈ ویمنز نیٹ بال چیمپئن شپ کا آغاز 23 دسمبر سے لیاقت جمنازیم، پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں ہوگا۔ پاکستان واپڈا اور کاسموپولیٹن اکیڈمکس بالترتیب مردوں اور خواتین کے مقابلوں میں اپنے، اپنے ٹائٹلز کا دفاع کریں گے۔ اس بات کا اعلان گزشتہ روز پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر محمد تحسین ملک نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے ملک بھر سے مختلف ڈیپارٹمنٹس، صوبائی اور ریجنل کی 15 ٹیموں کو مدعو کیا گیا ہے جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ریلوے، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پی این ایف اکیڈمی، کاسموپولیٹن اکیڈمکس، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کے منیجرز کا اجلاس 22 دسمبر کو شام 4 بجے علامہ اقبال ہاسٹل، پاکستان اسپورٹس بورڈ میں منعقد ہوگا۔ جس میں چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان اور قوانین کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ چیمپئن شپ کے سیمی فائنل مقابلے 24 دسمبر کو کھیلے جائیں گے۔ جبکہ مردوں اور خواتین دونوں کیٹیگریز کے فائنل مقابلے 25 دسمبر کو ہوں گے۔ فائنل میچوں کے بعد فاتح ٹیموں میں ٹرافیاں، میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے جائیں گے۔

سابق فٹبالر روس کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے ہلاک

سابق فٹبالر کی ہلاکت کی تصدیق ان کے محاذِ جنگ سے لاپتا ہونے کے 20 ماہ بعد ہوئی ہے

کیف (این این آئی) یوکرین کی قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کھلاڑی رومن میکسی میوک روس کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے ہلاک ہو گئے۔ ان کی ہلاکت کی تصدیق ان کے محاذِ جنگ سے لاپتا ہونے کے 20 ماہ بعد ہوئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق رومن میکسی میوک نے لاپتا ہونے سے قبل 30 جنوری 2025 کو اپنی اہلیہ کو آخری بار فون کیا تھا۔ یہ ان کی زندگی کی آخری فون کال ثابت ہوئی، جس کے بعد ان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ اب ان کی بیٹی داریا کے ڈی این اے نمونے میچ کر جانے کے بعد فوجی کی ہلاکت کی تصدیق ہوگئی ہے۔ وہ روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں شریک تھے۔ رومن نے ماضی میں یوکرین کے مختلف فٹ بال کلبز (جن میں ڈائنامو کیف، دنیپرو، وولن، چرنومورٹس اور پری کارپتیا شامل ہیں) کی جانب سے بطور مڈفیلڈر نمائندگی کی تھی۔ انہوں نے 1998 سے 2002 کے دوران یوکرین کی قومی ٹیم کی جانب سے پانچ میچ کھیلے جبکہ 2011 میں فٹ بال سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ سن 2022 میں روس کے یوکرین پر حملے کے بعد سابق فٹ بالر نے بھی جنگ میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا اور 25 ویں سیچسلاوا ایئر بورن بریگیڈ میں گنر کے طور پر خدمات انجام دینے لگے۔

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

اور متعلقہ محکموں کے افسران کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں تک براہِ راست رسائی فراہم کرنا اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنانا تھا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے اور موصول ہونے والی شکایات پر ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 2

چوکوں سے ہوتی ہوئی غوثپور پریس کلب کے سامنے پہنچی، جہاں شرکاء نے احتجاجی جلسے کی صورت اختیار کرتے ہوئے اپنے مطالبات پیش کیے اور متعلقہ پولیس حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا احتجاجی ریلی کی قیادت قومی عوامی تحریک کے ضلعی صدر سجاد احمد بروہی نے کی جبکہ راشد بھیو شوکت بھیو فرید اوگاہی سرور جعفری نیاز بھیو قدرت اللہ باجکانی سائیں بخش جعفری نذیر اوگاہی ضمیر ملک شاہد سہریانی مصطفیٰ آکاش سچل ملک اور دیگر رہنما بھی موجود تھے شرکاء نے احتجاج کے دوران نوجوان نسل کو مبینہ غیر قانونی سرگرمیوں سے محفوظ بنانے، شہر میں قانون کی بالادستی قائم کرنے اور متعلقہ ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا غوثپور پریس کلب کے سامنے احتجاجی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے قومی عوامی تحریک کے رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ شہر کے مختلف مقامات پر مبینہ طور پر جوئے کے اڈے، آکڑا پرچی اور شراب کی فروخت کا کاروبار جاری ہے۔ رہنماؤں نے ایس ایچ او غوثپور شاہد کلہوڑو پر الزام لگایا کہ مذکورہ سرگرمیاں ان کی مبینہ سرپرستی میں چل رہی ہیں اور ان کے بقول روزانہ کی بنیاد پر مبینہ طور پر بھتہ وصول کیا جاتا ہے۔ تاہم ان الزامات کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی اور نہ ہی اس حوالے سے متعلقہ پولیس افسر کا مؤقف سامنے آیا ہے قومی عوامی تحریک کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی اور استحکام کے لیے نوجوان نسل کا محفوظ مستقبل بنیادی اہمیت رکھتا ہے لیکن اگر شہر میں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات نہ کیے جائیں تو اس کے منفی اثرات نوجوانوں طلبہ اور شہری زندگی پر مرتب ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کے لیے فکرمند ہیں اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ قانون کے مطابق ایسے اقدامات کریں جن سے نوجوان نسل کو نقصان دہ سرگرمیوں سے محفوظ رکھا جاسکے مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ غوثپور میں جوئے، آکڑا پرچی اور شراب کی مبینہ غیر قانونی فروخت کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کسی بھی پولیس اہلکار یا افسر کے خلاف الزامات درست ثابت ہوں تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ عوام کا قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد برقرار رہے رہنماؤں نے مزید کہا کہ شہر میں امن و امان کی صورت حال بہتر بنانے، غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پولیس کے اعلیٰ حکام کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ احتجاج میں اٹھائے گئے مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں قومی عوامی تحریک کے رہنماؤں نے اپنے خطاب میں واضح کیا کہ ان کا احتجاج نوجوان نسل کے مستقبل کے تحفظ اور شہر میں قانون کی حکمرانی کے مطالبے کے لیے ہے انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات پر توجہ نہ دی گئی اور مبینہ غیر قانونی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے اقدامات نہ کیے گئے تو آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کر کے احتجاجی تحریک کو مزید منظم اور مضبوط بنایا جائے گا احتجاجی ریلی کے شرکاء نے متعلقہ پولیس حکام سے مطالبہ کیا کہ غوثپور کے شہریوں کی شکایات کا نوٹس لے کر شفاف تحقیقات کی جائیں، الزامات کی حقیقت سامنے لائی جائے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے

بقیہ 3

اہلکاروں کی ڈیوٹی مبینہ طور پر محض حاضری تک محدود رہنے کی شکایات ہیں، جبکہ بعض مقامات پر رسمی صفائی کے بعد کچرا دوبارہ جمع ہوجاتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزانہ صفائی اور کچرے کی بروقت منتقلی یقینی بنانے کے ساتھ عملے کی عملی کارکردگی کی نگرانی بھی ضروری ہے۔ دوسری جانب صحافتی حلقوں کی جانب سے یہ شکایت بھی سامنے آئی ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی نے واٹس ایپ پر خبریں بھیجنے والے بعض میڈیا نمائندگان کو بلاک کر رکھا ہے۔ شہریوں نے اسٹیشن کمانڈر، سیکرٹری و چیف ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ اور ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس سے مطالبہ کیا ہے کہ صفائی کی صورتحال کا فوری معائنہ کیا جائے، سینیٹیشن برانچ کے عملے کی حاضری اور عملی کارکردگی کی جانچ پڑتال کی جائے اور غفلت ثابت ہونے پر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے صفائی کا مستقل نظام یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 4

ملزمان فرار ہوگئے تھے اور مقدمے میں اشتہاری قرار پائے تھے۔ گزشتہ دنوں ایف آئی اے نے کراچی ایئرپورٹ سے مقدمے میں مطلوب چھوٹے بھائی خالد محمود عرف خالدی کو گرفتار کرکے تھانہ جاتلی پولیس کے حوالے کیا تھا۔ پولیس نے گرفتار ملزم سے تفتیش کے دوران مبینہ طور پر واردات میں استعمال ہونے والی رائفل 44 بور برآمد کرلی، جبکہ مقدمے میں نامزد بڑا بھائی ظفر محمود عرف ظفری تاحال مفرور ہے۔

بقیہ 5

نے رہائشی ماحول کو آلودہ کر رکھا ہے، جبکہ بعض مالکان بھینسوں کو کھلا چھوڑ دیتے ہیں، جو گلیوں اور سڑکوں پر گوبر پھیلا کر ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت کی جانے والی صفائی کو بھی بے اثر کر دیتی ہیں۔ صفائی عملے کی محنت کے باوجود گلیاں دوبارہ گندگی سے بھر جاتی ہیں، گلیوں میں کھیلتے بچے، نماز کے لیے جانے والے نمازی اور پیدل چلنے والے اذیت اٹھاتے ہیں، جبکہ گاڑیوں کے ٹائروں سے اچھلنے والی گندگی شہریوں کے لباس تک خراب کر دیتی ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ صفائی مہم کا مقصد روڈ، گلیوں کو صاف رکھنا ہے، نہ کہ روزانہ جانوروں کے گوبر کے باعث انہیں دوبارہ گندا ہونے دینا۔ شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان اور چیف آفیسر بلدیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اندرونِ شہر اور ہاؤسنگ سکیم ٹو سمیت رہائشی علاقوں میں قائم بھینسوں کے باڑوں کے خلاف فوری اور مؤثر کارروائی کی جائے۔ ان کے مطابق شہر بھر میں باڑوں کی نشاندہی کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں، مالکان کو نوٹس جاری کیے جائیں اور جانوروں کو کھلا چھوڑنے، گلیوں میں گوبر پھیلانے اور صفائی کے نظام کو متاثر کرنے والوں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی ہو۔ شہریوں نے زور دیا کہ رہائشی آبادیوں میں کاروبار کے نام پر گندگی اور بدبو مسلط کرنے کا سلسلہ مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا، قواعد کے منافی باڑوں کو جانوروں سمیت شہر سے باہر منتقل کرایا جائے، تاکہ ستھرا پنجاب محض تشہیری نعرہ نہیں بلکہ شہریوں کو حقیقی صفائی اور راحت فراہم کرنے والا پروگرام بن سکے۔

بقیہ 6

انہیں استعمال کرتے ہوئے بیٹے کو بلیک میل کیا اور نازیبا مطالبات کیے۔ سوشل میڈیا پر معاملہ وائرل ہونے کے بعد تھانہ مندرہ پولیس نے پولیس اہلکار اور دو بھائیوں کے خلاف مقدمہ نمبر 319/26 درج کرلیا۔ واقعے پر عوامی حلقوں نے شدید تشویش اور غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس کا بنیادی فریضہ شہریوں کی جان، عزت اور تحفظ کو یقینی بنانا ہے، لیکن جب کسی پولیس اہلکار کا نام ہی ایسے سنگین مقدمے میں سامنے آئے تو معاملہ محض ایک ایف آئی آر تک محدود نہیں رہتا بلکہ پورے محکمے کی ساکھ اور عوامی اعتماد کا امتحان بن جاتا ہے۔ شہریوں نے سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا سے مطالبہ کیا ہے کہ کیس کی غیر معمولی سنگینی کے پیشِ نظر اسے ٹیسٹ کیس کے طور پر لیا جائے، تمام پہلوؤں سے شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں، نامزد افراد کے کردار کا تعین کیا جائے اور الزامات ثابت ہونے پر سخت قانونی و محکمانہ کارروائی یقینی بنائی جائے۔ عوامی حلقوں نے زور دیا کہ معاملے کو کسی دباؤ یا مبینہ اثر و رسوخ کی نذر نہ ہونے دیا جائے، متاثرہ طالب علم کو تحفظ فراہم کیا جائے اور اس کی برہنہ ویڈیو یا تصاویر کی مزید ترسیل روکنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ اتنے سنگین الزامات کے حامل مقدمے میں کسی ممکنہ صلح کو تحقیقات کا متبادل نہیں بننا چاہیے، اگر فریقین میں صلح ہو بھی جائے تو اس سے حقائق جاننے اور قانون کے مطابق کارروائی کرنے کی ضرورت ختم نہیں ہو جاتی۔ تاہم، اگر تحقیقات میں کسی جانب سے دانستہ جھوٹے الزامات یا شواہد میں جعل سازی ثابت ہو تو متعلقہ ذمہ داروں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ عوامی حلقوں نے واضح کیا کہ اس معاملے میں شفاف تحقیقات اور قانون کی یکساں عمل داری ہی پولیس پر عوامی اعتماد برقرار رکھنے کا راستہ ہے۔

بقیہ 7

فوری ازالہ کیا جائے احتجاجی مظاہرے میں شریک اساتذہ ممتاز چاچڑ، عبدالقادر عاربانی، میر حسن بھیو لکھمیر جکرانی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرائمری اساتذہ تعلیم کے شعبے میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں تاہم ان کے متعدد جائز مسائل تاحال حل طلب ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ اساتذہ کے سروس اسٹرکچر کو بہتر بنایا جائے بائیومیٹرک نظام کو ضلعی سطح پر منتقل کرنے کے مطالبے پر غور کیا جائے اور پرائمری اسکولوں کے نظام سے متعلق درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے مقررین کا کہنا تھا کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی تعلیمی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ کو درپیش مسائل حل کیے جائیں اور انہیں پیشہ ورانہ ذمہ داریاں بہتر انداز میں ادا کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے انہوں نے متعلقہ تعلیمی حکام اور حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ پرائمری اساتذہ کے مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے سروس اسٹرکچر سے متعلق مسائل حل کیے جائیں اور بائیومیٹرک نظام سمیت دیگر امور پر اساتذہ کے تحفظات دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں ان کا کہنا تھا کہ اساتذہ کے مسائل کو نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے حل کے لیے عملی پیش رفت کی جائے تاکہ تعلیمی اداروں میں بہتری لائی جاسکے احتجاج کرنے والے اساتذہ نے واضح کیا کہ وہ اپنے جائز حقوق اور مطالبات کی منظوری کے لیے پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات پر توجہ نہ دی گئی اور مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا مقررین نے مزید اعلان کیا کہ مطالبات کی منظوری کے لیے آئندہ مرحلے میں کراچی پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کیا جائے گا جہاں اساتذہ اپنے مطالبات حکام اور عوام کے سامنے رکھیں گے پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن کے اس احتجاج کے ذریعے متعلقہ حکام کی توجہ اساتذہ کے مسائل کی جانب مبذول کرانے کی کوشش کی گئی احتجاج میں شریک اساتذہ نے امید ظاہر کی کہ حکومت سندھ اور محکمہ تعلیم ان کے مطالبات پر سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں گے تاکہ اساتذہ کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو اور صوبے میں پرائمری تعلیم کے نظام کو مزید بہتر بنایا جاسکے

بقیہ 8

سربراہان و نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر نے کہا کہ طلبہ کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے ضلع راولپنڈی کے 7 ہزار سے زائد نجی اور 1100 سے زائد سرکاری سکولوں کی عمارتوں کی مضبوطی، اسٹرکچرل سیفٹی اور آگ سے بچاؤ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے گا، تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچاؤ اور طلبہ و اساتذہ کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ اس عمل کی مؤثر نگرانی اور بروقت تکمیل کے لیے 47 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جنہیں 22 اکتوبر تک سکولوں کی رجسٹریشن مکمل کرنے کا ہدف دیا گیا ہے۔ متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اس عمل کے انچارج ہوں گے اور اپنے اپنے علاقوں میں ٹیموں کی کارکردگی اور پیش رفت کی نگرانی کریں گے۔ اجلاس میں پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے حکومتی اقدامات میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی، تاہم رجسٹریشن کے عمل کی تکمیل کے لیے مزید وقت دینے کی درخواست بھی کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے اس حوالے سے باہمی تعاون اور مؤثر رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ اجلاس کے دوسرے حصے میں سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 میں طلبہ کی رجسٹریشن کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر نے کہا کہ نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کھیلوں کے فروغ سے طلبہ میں نظم و ضبط، خوداعتمادی، ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ اور پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن کے نمائندگان پر زور دیا کہ وہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز میں طلبہ کی زیادہ سے زیادہ رجسٹریشن یقینی بنائیں اور اس حکومتی اقدام کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، تاکہ نوجوانوں کو موبائل فون کے غیر ضروری استعمال اور دیگر غیر صحت مند سرگرمیوں سے دور رکھتے ہوئے کھیلوں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ متعلقہ محکمے، ضلعی انتظامیہ اور تعلیمی ادارے باہمی تعاون سے سکولوں میں محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی اور نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں گے۔

بقیہ 9

چھان ڈیم، چراہ ڈیم، ددھوچا اور راول ڈیم کے موجودہ ذرائع پر کام تیز کرنے کے لئے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نذارت علی، مینجنگ ڈائریکٹر واسا عزیز اللہ خان، سمال ڈیمز و دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن کو پانی کی ترسیل اور دستیاب آبی وسائل سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ واسا راولپنڈی کی اس وقت ڈیمانڈ 72mgd ہے جبکہ اس کو میسر پانی 51mgd ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق موجودہ 21mgd اگلے کچھ سالوں تک ایک خطرناک شکل اختیار کر جائے گی جسکے حل کے لیے ڈیمز اور فلٹریشن پلانٹس پر ہنگامی بنیادوں پر پیش رفت جاری ہے۔ راولپنڈی میں پانی کی ضرورت کو پورا کرنے کیلیے راول ڈیم، چھان ڈیم، ددھوچا ڈیم، چراہ ڈیم سمیت بورنگ سسٹم شامل ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ددھوچا ڈیم کا تعمیراتی کام 92 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ اس منصوبے کے تحت 28 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن اور واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگایا جائے گا جو شہر کو روزانہ 35 ملین گیلن (MGD) صاف پانی فراہم کرے گا۔ اس نیٹ ورک کی مکمل تکمیل دسمبر 2029 تک متوقع ہے۔ چھان ڈیم کا واٹر ٹریٹمنٹ اور فلٹریشن پلانٹ اگلے سال (دسمبر 2027) تک مکمل کرلیا جائے گا۔ اس منصوبہ سے اڑھائی لاکھ سے زائد شہریوں کو پینے کا صاف پانی ملے گا۔ واسا راولپنڈی کے ماسٹر پلان کے تحت چراہ ڈیم بھی شامل ہے جس سے شہر کو مزید 28 ملین گیلن پانی فراہم کیا جا سکے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے متعلقہ محکموں کو احکامات جاری کرتے ہوئے تمام آبی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے پر زور دیا تاکہ آئندہ سالوں میں پانی کے چیلنج سے نمٹا جاسکے۔

بقیہ 10

ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ تمام ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔ کمشنر سلمان غنی نے خصوصی طور پر ڈینگی وارڈ کا دورہ کیا اور ڈینگی کے مریضوں کے علاج معالجے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈینگی کے حوالے سے تمام حفاظتی اقدامات اپنائے جائیں۔ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کی صحت کی مسلسل نگرانی کی جائے۔ ڈینگی کے مشتبہ مریضوں کے ضروری ٹیسٹ، بروقت تشخیص اور علاج میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہونے دی جائے۔ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام وارڈز میں صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، طبی آلات کی فعالیت یقینی بنائی جائے اور مریضوں وان کے لواحقین کو غیر ضروری مشکلات سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 11

پولیس کے تعاون سے عمل میں لایا گیا۔ سرکاری اراضی واگزار کرانے کے بعد سیکٹر ای بارہ میں ترقیاتی کام پوری رفتار سے جاری ہیں۔ اربوں روپے کی قیمتی سرکاری اراضی کی واگزاری سے ترقیاتی سرگرمیاں مزید تیزی سے جاری ہیں جبکہ سیکٹر ای بارہ کے منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے منصوبہ بندی کے تحت بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے کام میں بھی تیزی لائی جارہی ہے۔ شہریوں نے غیر قانونی تجاوزات کے خلاف سی ڈی اے نے انفورسمنٹ آپریشن کرنے اور سرکاری اراضی کو واگزار کرانے کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ شہریوں نے سیکٹر ای بارہ میں ترقیاتی کاموں کی رفتار پر بھی اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اسے وفاقی دارالحکومت کی مسلسل ترقی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے نے 40 سال بعد اربوں روپے مالیت کی قیمتی سرکاری اراضی کو غیر قانونی تجاوزات سے واگزار کرانے کے عمل کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سیکٹر ای بارہ میں ترقیاتی کاموں کو بروقت اور منظور شدہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ اور ترقیاتی منصوبوں کی معیاری اور بروقت تکمیل سی ڈی اے کی ترجیحات ہیں۔

بقیہ 12

زادہ کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ اجلاس میں بیلاروس، چین، قازقستان، کرغزستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے وزرائے اعظم، ایران کے نائب صدر اور بھارت کے وزیرِ خارجہ اپنے اپنے ممالک کی نمائندگی کریں گے۔ سی ایچ جی شنگھائی تعاون تنظیم کا دوسرا اعلیٰ ترین فیصلہ ساز ادارہ ہے جو تنظیم کے اقتصادی، مالیاتی، تجارت، رابطہ کاری، کاروبار، سماجی و اقتصادی تعاون اور بجٹ سے متعلق امور میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ سی ایچ جی ایک مشترکہ اعلامیہ، بیانات اور اہم فیصلوں کی بھی منظوری دے گی۔ دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیرِ خارجہ تاجکستان کے صدر اور وزیرِاعظم سے بھی ملاقات کریں گے، جبکہ سی ایچ جی اجلاس کے موقع پر شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے اپنے اہم منصبوں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔

بقیہ 13

کہ کینسر کے خلاف آگاہی، احتیاط اور بروقت طبی معائنہ زندگی بچانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ بریسٹ کینسر قابلِ علاج مرض ہے، بروقت تشخیص سے علاج کے بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا نواز شریف کینسر ہسپتال بنا رہے ہیں۔ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہر قسم کے کینسر کا علاج یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بریسٹ کینسر مریضوں کا مستند ڈیٹا علاج کی سہولیات مزید بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ نواز شریف کینسر ہسپتال میں ہر سٹیج کے بریسٹ کینسر سمیت مختلف کینسر کا علاج ہوگا۔ نواز شریف کینسر ہسپتال میں کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج کے لیے جدید مشینری اور ادویات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کینسر ہسپتال میں کینسر پر تحقیق کے لیے جدید لیبارٹری بھی قائم کی جائے گی۔ کینسر کے مریضوں کو علاج کے دوران نفسیاتی اور جذباتی معاونت فراہم کرنے کے لیے سائیکاٹری ڈیپارٹمنٹ بھی ہوگا۔ حکومت پنجاب کینسر کے مریضوں کو 10 لاکھ روپے تک مفت علاج کی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص کے لیے پنجاب بھر میں لیڈی ہیلتھ انسپکٹر ڈیٹا کلیکشن کیلئے اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ خواتین کینسر سے بچنے کیلئے غیر معمولی جسمانی تبدیلی نظر انداز نہ کریں اور بروقت طبی معائنہ کروائیں۔ بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور بروقت تشخیص کی ترغیب مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے۔ خواتین کو پنجاب میں ہی کینسر تشخیص اور علاج کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 14

کارروائیوں کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہیے کیونکہ قیام امن کے بعد ہی خیبر پختونخوا میں تعمیر و ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کو معدنیات کے معاملے سے جوڑنا افسوسناک ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے جوانوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں اور سب جانتے ہیں کہ اس جنگ میں کتنے جوان شہید ہوئے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کے حوالے سے کہا کہ ان کا اپنا ضلع بھی دہشتگردی سے متاثر ہے جبکہ مولانا فضل الرحمان خود بھی خودکش حملوں کا نشانہ بن چکے ہیں۔ ایسے حالات میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وفاقی حکومت کو خیبر پختونخواہ کے وزیراعلی سے دہشتگردی کے خلاف تعاون درکار تھا، لیکن انہوں نے مطلوبہ تعاون نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کی حکومت دہشتگردی کی مذمت کرنے کے لیے بھی تیار نہیں تھی جبکہ صوبے میں کرپشن کی داستانیں بھی زبان زد عام تھیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخواہ میں تمام اختیارات گورنر کو منتقل کر دیئے ہیں، ایمرجنسی کا نفاذ انتہائی مجبوری میں آخری راستے کے طور پر کیا گیا۔ انہوں نے خیبر پختونخواہ میں معدنیات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے دوران معدنیات نکالنے کے لیے 4917 لائسنس جاری کیے گئے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ یہ لائسنس اپنے ہی لوگوں کو جاری کیے گئے اور اس حوالے سے شواہد جلد سامنے لائے جائیں گے، خیبر پختونخوا ہ میں ایمرجنسی کے فیصلے کو معدنیات سے جوڑنا افسوسناک ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وفاقی حکومت کی اولین ترجیح خیبر پختونخواہ کے 12 اضلاع سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ ہے، جس کے لیے تمام معاملات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان اضلاع میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر کی جائیں گی اور آپریشنز کے دوران مقامی آبادی کو نقل مکانی نہیں کرنا پڑے گی۔ متعلقہ اضلاع کی مقامی قیادت دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ یہ طے کرلیا گیا ہے کہ ان 12 اضلاع سے دہشتگردی کا خاتمہ کس طرح کیا جائے گا۔ مانیٹرنگ کمیٹی میں شامل تمام افراد تجربہ کار اور منجھے ہوئے ہیں اور اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف بھی خیبر پختونخواہ کا دورہ کریں گے۔

بقیہ 15

2026 تک جاری رہنے والی اس آگاہی مہم کے تحت پی ٹی اے نے عوام کو نہ صرف مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے تیار کردہ ڈیپ فیک مواد بلکہ آن لائن مالیاتی فراڈ اور ڈیجیٹل سکیموں کے خلاف بھی انتہائی چوکنا رہنے کی سخت ہدایت جاری کی ہے۔ پی ٹی اے کی جاری کردہ ہدایات میں شہریوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ڈیجیٹل اور مالیاتی معاملات کو محفوظ بنانے کیلئے ذاتی معلومات کے تحفظ کو ترجیح دیں اور کسی بھی مشکوک لنک پر کلک کرنے سے پہلے سو بار سوچیں۔ اتھارٹی کے مطابق محفوظ اور مستحکم ڈیجیٹل پاکستان کی تشکیل کے لئے ضروری ہے کہ ہر شہری اپنے ڈیجیٹل دفاع کو مضبوط بنائے، ذمہ دارانہ آن لائن رویے اپنائے اور مالیاتی لین دین کے دوران غیر معمولی احتیاط برتے تاکہ آن لائن دھوکہ دہی، مالیاتی نقصان اور فراڈ کے بڑھتے ہوئے خطرات کا بروقت سدباب کیا جا سکے۔ ترجمان کے مطابق اس مہم کے تحت جاری کردہ تفصیلی آگاہی پیغام میں واضح کیا گیا ہے کہ دورِ حاضر میں مصنوعی ذہانت) اے آئی (کی مدد سے ایسی جعلی تصاویر، ویڈیوز اور آڈیوز تیار کی جارہی ہیں جو بظاہر بالکل اصلی دکھائی دیتی ہیں لیکن درحقیقت وہ من گھڑت ہوتی ہیں، جنہیں ڈیپ فیک کہا جاتا ہے۔ ان ٹیکنالوجیز کو کسی بھی شخص کی شناخت کی نقالی کرنے، جھوٹی خبریں اور گمراہ کن معلومات پھیلانے اور لوگوں کو مالی یا ذاتی سطح پر نقصان پہنچانے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ اتھارٹی نے عوام کو سخت تاکید کی ہے کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے کسی بھی مشکوک آڈیو، ویڈیو یا تصویر پر فوری طور پر یقین نہ کریں اور نہ ہی تصدیق کے بغیر اسے آگے شیئر کریں۔ شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ کسی بھی حساس معاملے پر سرکاری اور معتبر ذرائع سے معلومات کی تصدیق لازمی بنائیں۔ خاص طور پر اگر کسی ویڈیو یا آڈیو کال کے ذریعے رقوم کی منتقلی، ون ٹائم پاس ورڈ (او پی ٹی) یا حساس ذاتی کوائف کا تقاضا کیا جائے تو ہرگز ایسی معلومات شیئر نہ کریں۔ پی ٹی اے نے اس امر پر زور دیا ہے کہ ڈیجیٹل سکرین پر نظر آنے والی ہر چیز کا حقیقی ہونا ضروری نہیں، اس لئے شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور غیر مصدقہ مواد کو پھیلانے سے مکمل گریز کریں۔ ادارے نے اپنے سلوگن ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ قدم کے تحت صارفین کی سہولت اور فوری رہنمائی کے لئے پی ٹی اے ڈیجیٹل اسسٹنٹ کی دستیابی کا بھی اعادہ کیا ہے تاکہ عوام مستند پلیٹ فارم کے ذریعے ٹیلی کام و ڈیجیٹل مسائل پر رہنمائی حاصل کرسکیں۔

بقیہ 16

آپریشنز سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق مہم کے دوران پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔ صوبہ وار تفصیلات کے مطابق پنجاب کے 13 منتخب اضلاع میں 92 لاکھ 78 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، جبکہ سندھ کے 20 منتخب اضلاع میں 68 لاکھ 83 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے 27 منتخب اضلاع میں 48 لاکھ 8 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے جبکہ بلوچستان کے 31 منتخب اضلاع میں 22 لاکھ 17 ہزار سے زائد بچوں کو اس مہم کے دوران حفاظتی قطرے پلانے کا منصوبہ ہے۔ اسی طرح وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 4 لاکھ 47 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 3 منتخب اضلاع میں ایک لاکھ 53 ہزار سے زائد بچوں جبکہ آزاد جموں و کشمیر کے 2 منتخب اضلاع میں ایک لاکھ 83 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم کا مقصد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانا اور ملک سے اس موذی مرض کے خاتمے کی کوششوں کو مزید موثر بنانا ہے۔ والدین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ 17

علاقائی سلامتی پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی خود مختاری اور علاقائی سلامتی پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کا مؤقف بالکل واضح اور دو ٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ 3 مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے، تنازعات کے اتار چڑھا کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکراتی حل میں ناکامی، فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا، مکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے کہ اس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں، یہ اتحاد کسی خاص ملک کے خلاف نہیں، اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ خطے میں امن، استحکام، خوشحالی پر یقین رکھتے ہیں، مسلمانوں کو آپس میں لڑنے کے بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 18

قربانیوں سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ نواز شریف نے کہا کہ جو بھی دہشت گردی کر رہے ہیں، انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ جامِ شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔

بقیہ 19

رضا کے ساتھ ہوا، جس میں سیاسی و سرکاری شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے دوران عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے دولہا کا تعارف کرایا۔ نکاح کی تقریب میں صوبائی وزیر صحت سلمان رفیق، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ظہیر اقبال چنڑ، معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان بھی شریک ہوئیں۔ تقریب میں شریک مہمانوں نے نئے شادی شدہ جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 20

گئی۔ فضائی آلودگی کے باعث لاہور کے مختلف علاقوں میں ایئر کوالٹی انڈیکس خطرناک حد تک بلند ریکارڈ کیا گیا۔ گلبرگ ٹو میں اے کیو آئی کی شرح 302، ماڈل ٹاؤن میں 287، اقبال ٹاؤن میں 262 اور پیراگون سٹی میں 255 ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح برکی روڈ میں فضائی آلودگی کی شرح 251، چمن پارک میں 240، ڈی ایچ اے فیز فائیو میں 212، بیدیاں روڈ میں 200 جبکہ عسکری ٹین میں اے کیو آئی کی شرح 165 ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 21

کی جانب سے سید محمد عظمت کو ذمہ داری تفویض کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے حلقے کے عوام کو لیسکو سے متعلق درپیش مسائل کے فوری حل میں مدد ملے گی۔ ملاقات کے دوران این اے 130 بالخصوص اسلامپورہ میں بجلی کے ترسیلی نظام کی بہتری اور جگہ جگہ پھیلی بے ہنگم تاروں کے مسئلے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 22

یونیورسٹی میں کام کیا، تین سال کی میعاد پورے کرنے کے بعد یونیورسٹی خاتون ٹیچر کو تنگ کر رہی ہے۔ وکیل یونیورسٹی نے کہا کہ خاتون ٹیچر کو حکومت نے 56 لاکھ کی سکالرشپ دی، خاتون ٹیچر نے تین سال تک یونیورسٹی میں خدمات سرانجام دینا تھی، خاتون ٹیچر تین سال میں 196 دن رخصت پر رہی۔ قائم مقام چیف جسٹس آئینی عدالت نے کہا کہ یونیورسٹی نے رخصت کی درخواستوں کو منظور کیا، خاتون ٹیچر نے استعفیٰ کیوں دیا، اسسٹنٹ پروفیسر کی سیٹ پر آپ نے خاتون کو سلیکٹ نہیں کیا، اسسٹنٹ پروفیسر کی سیٹ پر باہر سے بندہ لے آئے، سرکار کا پیسہ خرچ کر کے پی ایچ ڈی کرائی اسسٹنٹ پروفیسر آپ باہر سے لے آئے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ خاتون کی اپروو تعطیلات کو یونیورسٹی کیسے چیلنج کر سکتی ہے، جس نے رخصت منظور کی اس کے خلاف یونیورسٹی نے کیا ایکشن لیا۔ واضح رہے کہ عدالت نے یونیورسٹی خاتون ٹیچر سیدہ لیلیٰ کے حق میں فیصلہ برقرار رکھا۔

بقیہ 23

امجد بشیر چیک ڈس آنر کیس میں گرفتار تھا، طبیعت بگڑنے پر اسے اسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکا۔ میڈیکل رپورٹ کے مطابق ملزم کی ہلاکت حرکت قلب بند ہونے سے ہوئی۔ ترجمان کے مطابق ملزم ریکارڈ یافتہ تھا، میڈیکل رپورٹ میں اس پر تشدد کے شواہد سامنے نہیں آئے ہیں۔

بقیہ 24

محمد اقبال نے 6 لاکھ 50 ہزار روپے کے عوض جوہر آباد کی خاتون صبا سے شادی کروائی جو شادی کے دو روز بعد شوہر کا گھر چھوڑ کر بھاگ گئی پولیس تھانہ کندیاں نے متاثرہ دولہا محمد خان جاوید کی مدعیت میں فراڈیہ گینگ کے خلاف زیر دفعہ 420 ت پ مقدمہ درج کرلیا اور مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 25

بنانے کے لئے جاسوسی کے آلات پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق جاسوسی کے آلات کے ذریعے غیر قانونی نگرانی، ہراسانی اور بلیک میلنگ کی شکایات سامنے آئی ہیں، حکومتِ پنجاب شہریوں کے بنیادی حقوق، نجی معلومات اور ذاتی زندگی کے تحفظ کیلئے متحرک ہے، خفیہ کیمروں سے لیس روزمرہ استعمال کی اشیاء کے غیر قانونی استعمال پر سخت سزا ہوگی۔

بقیہ 26

رکھا جانا چاہیے۔ وزیر اطلاعات نے خیبر پختونخوا میں معدنیات کے لائسنسوں کے اجرا پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ صوبے میں 2010ء تک معدنیات کے 422 لائسنس جاری کیے گئے، جبکہ 2013ء سے 2024ء کے دوران 4,200 سے زائد لائسنس جاری ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ان کے مطابق سابق وزرائے اعلیٰ محمود خان اور علی امین گنڈاپور کے ادوار میں ایک ہزار کے قریب لائسنس جاری کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ معدنی وسائل سے متعلق بعض معاملات میں خاندانی مفادات اور فیملی لمیٹڈ کمپنیوں کو فائدہ پہنچایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کی سرحد پر معدنیات کے لائسنسوں کے معاملے میں سخت اقدامات کرتے ہوئے متعدد لائسنس منسوخ کیے گئے اور متعلقہ ریکارڈ موجود ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی صورتحال سے متعلق اعداد و شمار کی تصدیق کے بغیر دعوے کرنا مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے خلاف سیاسی بغض کی بنیاد پر صوبے کی کارکردگی کو متنازع بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ان کے مطابق ڈکیتی کے واقعات میں کمی آئی ہے اور خواتین و بچوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات پر وزیراعلیٰ پنجاب کی زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ ایسے واقعات میں ایف آئی آر کے اندراج اور ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے صحافیوں پر زور دیا کہ خبریں نشر کرنے سے قبل حقائق کی تصدیق ضرور کریں۔ وزیر اطلاعات نے پنجاب حکومت کے ترقیاتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں زراعت، لائیو اسٹاک، ہنرمندی اور برآمدات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2026ء سے 2030ء تک کے ترقیاتی پروگرام کے تحت زراعت اور لائیو اسٹاک کی ترقی پر توجہ دی جارہی ہے، جس میں تقریباً 2 ہزار ارب روپے کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ ان کے مطابق 46 سے زائد سرمایہ کار اس پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں، جبکہ ڈیڑھ لاکھ سے زائد روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کی مصنوعات عالمی منڈیوں میں اپنی شناخت رکھتی ہیں، تاہم فٹبال، کٹلری اور دیگر مصنوعات اکثر بیرون ملک مختلف ناموں سے فروخت ہوتی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستانی مصنوعات کو اصل قومی شناخت، یعنی 'میڈ اِن پاکستان' کے نام سے عالمی منڈیوں تک پہنچانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ پنک سالٹ کی برآمدات کو بھی پاکستانی شناخت کے ساتھ فروغ دی جائیں گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پنکھوں کی ٹیسٹنگ کی سہولت بھی پاکستان میں فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے دور میں ہنرمندی کے فروغ کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پاکستان اسکلز ڈیولپمنٹ فنڈ کے ذریعے سہولت کاری کی گئی اور بعض نوجوان سعودی عرب میں بڑی فوڈ چینز میں ملازمتیں حاصل کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنے دوسالہ دور میں 30 ہزار سے زائد ٹریکٹر فراہم کیے ہیں، جبکہ اس مد میں 9.5 ارب روپے کی سبسڈی پنجاب حکومت ادا کرے گی۔ ساہیوال میں بیوٹیفکیشن منصوبے کا آغاز بھی وزیراعلیٰ پنجاب نے کیا ہے۔ ہر ضلع میں پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی کے قیام کے اقدامات جاری ہیں، جبکہ گلگت بلتستان کو چھ کلینک آن ویلز گاڑیاں فراہم کرنے کا بھی منصوبہ ہے۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کہا کہ 2024ء میں پنجاب حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو ٹرانسپورٹ کے شعبے میں سرمایہ کاری کی اشد ضرورت تھی۔ ان کے مطابق 2021ء سے 2024ء تک اس شعبے میں خاطر خواہ سرمایہ کاری نہیں کی گئی۔ مالی سال 2024-25ء میں ٹرانسپورٹ کے لیے فنڈز میں اضافہ کیا گیا، جبکہ مالی سال 2025-26ء میں اس شعبے کے لیے 104 ارب روپے خرچ کیے گئے۔ بلال اکبر خان نے کہا کہ اورنج لائن اور میٹرو بس سروس پہلے سے چل رہی تھیں، تاہم ان کی سہولتیں محدود تھیں۔ ابتدا میں پانچ شہروں میں الیکٹرک بسیں چلانے کا منصوبہ بنایا گیا، جسے بعد ازاں پنجاب کے تمام اضلاع تک وسعت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبے بھر میں 1,100 الیکٹرک بسیں فراہم کرنے کا منصوبہ شہریوں کو جدید، ماحول دوست اور باعزت سفری سہولت دینے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف 20 روپے کرائے میں عوام کو معیاری سفری سہولت فراہم کرنا وزیراعلیٰ مریم نواز کے عوام دوست وژن کا حصہ ہے

بقیہ 27

کردی جس کے نتیجے میں دونوں خواتین موقع پر جاں بحق ہوگئیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ایک ملزم کو رکشے کی جانب بھاگ کر آتے اور اس میں بیٹھی خواتین پر فائرنگ کرتے دیکھا جاسکتا ہے، فائرنگ کے بعد ملزم فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں تیس بور پستول استعمال کیا گیا جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی شناخت بھی ہوگئی ہے۔ پولیس کے مطابق تاحال یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ انہیں کیوں نشانہ بنایا ہے تاہم اس ضمن میں ورثا کے آنے کے بعد ہی مزید قانونی کارروائی آگے بڑھائی جاسکے گی۔

بقیہ 28

کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔ وفاقی وزیر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 29

پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے شہید میجر وجاہت وحید کی عظیم قربانی اور وطن سے غیر متزلزل وفاداری کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر وجاہت وحید شہید نے مادرِ وطن کے لیے جان کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے شہید میجر وجاہت وحید کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ قوم میجر وجاہت وحید شہید کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے۔ وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے سیکورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے میجر وجاہت وحید شہید کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 30

کے مطابق سپیشل برانچ میں انٹیلی جنس آپریٹرز کی بی ایس 7 کی 113 خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے نئی بھرتیوں پر عائد پابندی میں نرمی درکار تھی۔ محکمہ خزانہ نے مؤقف اختیار کیا کہ بھرتیوں کے معاملے میں مستقل اخراجات اور مستقبل میں پنشن کی ادائیگیوں کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ اسی بنیاد پر 113 آسامیوں کے بجائے 61 انٹیلی جنس آپریٹرز بھرتی کرنے کی سفارش کی گئی۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے انٹیلی جنس کیڈر میں بھرتیوں سے متعلق محکمہ خزانہ کے موقف کی تائید کر دی۔ سپیشل برانچ میں انٹیلی جنس آپریٹرز کی بھرتیوں کا معاملہ صوبائی کابینہ کے سامنے پیش کیا گیا، جہاں کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے انٹیلی جنس کیڈر میں بھرتیوں کی تجویز کی منظوری دے دی۔ بھرتیوں کا مقصد پنجاب سپیشل برانچ میں انٹیلی جنس کیڈر کی خالی آسامیوں کو پر کرنا ہے، تاہم دستیاب تفصیلات کے مطابق مجوزہ بھرتیوں کی حتمی تعداد 61 یا 113 ہونے کے حوالے سے محکمہ خزانہ کی سفارش اور منظور شدہ تجویز میں فرق کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

بقیہ 31

گیا ہے۔ اس سلسلے میں پروگرام مانیٹرنگ اینڈ امپلیمنٹیشن یونٹ (پی ایم آئی یو) نے آن لائن تربیتی سیشنز کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ جاری شیڈول کے مطابق ماسٹر ٹرینرز کی تربیت 16 اکتوبر کو ہوگی جبکہ آئی ٹی ٹیچرز، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (اے ای اوز) اور ہیڈ ٹیچرز کے لیے آن لائن تربیتی سیشنز 17 سے 19 اکتوبر تک منعقد کیے جائیں گے۔ ہر تحصیل سے نامزد مرد اور خاتون آئی ٹی ٹیچرز کو ماسٹر ٹرینرز بنایا جائے گا۔ سکول شماری کے لیے تمام ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں کے آئی ٹی ٹیچرز کی تربیت کے ساتھ مساجد مکتب، پرائمری اور ایلیمنٹری سکولوں کے سربراہان کو بھی تربیت دی جائے گی۔ شیڈول کے مطابق ماڈیول کی تیاری کے لیے 19 اور 20 اکتوبر کو آزمائشی سرگرمی بھی ہوگی۔ متعلقہ حکام نے تمام نامزد افسران اور اساتذہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تربیتی سیشنز میں اپنی شرکت یقینی بنائیں تاکہ سالانہ سکول شماری کا عمل مقررہ وقت میں مکمل کیا جاسکے۔

بقیہ 32

بھی اس مرض سے شدید خطرات لاحق ہیں ہر 9 میں سے ایک خاتون چھاتی کے سرطان کے خطرے سے دوچار ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ہر سال ایک لاکھ 85 ہزار سے زائد مختلف نوعیت کے کینسر کا شکار ہوتے ہیں جبکہ سالانہ 90 ہزار سے زائد خواتین بریسٹ کینسر میں مبتلا ہوتی ہیں جن میں 40 ہزار موت کے منہ میں چلی جاتی ہیں۔ آگاہی مہمات کے باعث مرض کی تشخیص کی شرح میں اضافہ تو ہوگیا تاہم سکریننگ اور علاج کیلئے مزید اقدامات درکار ہیں۔ ماہرین کے مطابق چھاتی کا سرطان قابل علاج ہے پھیلاؤ کی بڑی وجوہات سماجی شرم و ہچکچاہٹ، لاعلمی اور بروقت تشخیص نہ ہونا ہے، 40 سال سے زائد عمر کی خواتین کیلئے ہر سال سکریننگ ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔

بقیہ 33

محمد طاہر پر مشتمل ڈویژن بینچ نے کیس سے متعلق حکم نامہ جاری کردیا۔ واضح رہے کہ وقار النساء نامی شہری نے توہین عدالت کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔ حکم نامے کے مطابق درخواست گزار کو سونے کی اینٹیں واپس کرنے کا حکم دیا گیا تھا، ان کے بدلے رقم ادا کرنے کا نہیں۔ درخواست گزار وکیل کے مطابق ادائیگی کے لیے سونے کی موجودہ قیمت کے بجائے 2023 کی قیمت مقرر کی گئی۔ سونے کی قیمت میں اضافے کا فائدہ ریاست کو کیوں دیا جائے جبکہ نقصان کا بوجھ درخواست گزار برداشت کرے۔ حکم نامے کے مطابق عدالت کو بتایا گیا کہ سونے کی اینٹیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کی جا چکی ہیں اور اب واپس حاصل نہیں کی جاسکتیں۔ کسٹمز ایکٹ کی دفعہ 169(4) ضبط شدہ اشیا کی فروخت اور حاصل شدہ رقم محفوظ رکھنے سے متعلق ہے۔ متعلقہ قانونی شق میں ضبط شدہ سونے کو ناقابلِ واپسی طور پر اسٹیٹ بینک کے حوالے کرنے کا ذکر نہیں۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزار کو موجودہ قیمت کے مقابلے میں کم رقم ملنے اور ریاست کو قیمت میں اضافے کا فائدہ پہنچنے کی کوئی تسلی بخش وضاحت نہیں دی گئی۔ درخواست گزار کے مطابق اسمگلنگ ثابت ہونے تک سونا ضبط نہیں کیا جاسکتا۔ عدالت نے متعلقہ حکام کے جواب کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا اور کلکٹر کو 2 ہفتوں کے اندر اپنا جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 2 نومبر تک ملتوی کر دی ہے۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے 2 ہفتوں میں سونا درخواست گزار کو واپس کرنے کا حکم دیا تھا اور عدالتی فیصلے پر عملدرآمد نہ ہونے پر توہین عدالت دائر کی گئی ہے۔

بقیہ 34

جرمانہ بھی عائد کر دیا جبکہ شک کا فائدہ دیتے ہوئے مقدمے میں نامزد دیگر 3 ملزمان کو بری کر دیا۔ پولیس کے مطابق 2022ء میں وین پر فائرنگ میں 3 افراد جاں بحق اور 1 لڑکی زخمی ہوئی تھی۔ مقدمے میں نامزد 1 ملزم پولیس مقابلے کے دوران ہلاک ہو چکا ہے۔

بقیہ 35

دوران اسلحے اور گولہ بارود کی بڑی تعداد بھی برآمد کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشنز کا سلسلہ شروع کیا جس کے دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں دہشت گردوں کے خاتمے اور علاقے کو محفوظ بنانے کے لئے کلیئرنس آپریشن جاری تھا کہ اس دوران سیکیورٹی فورسز کے دستے کو دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد (آئی ای ڈی) سے نشانہ بنایا گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں دستے کی قیادت کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید ہوگئے، 34 سالہ میجر وجاہت وحید کا تعلق لاہور سے تھا، انہوں نے فرض کی ادائیگی کے دوران مادرِ وطن کے دفاع میں جان قربان کردی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے، سیکیورٹی فورسز نے جنگ آباد میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پُرعزم ہیں۔ انٹیلی جنس اداروں نے ضلع قلات کے علاقے جنگ آباد اور ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے فتنہ الہندوستان کے متعدد ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع دی تھی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 18 اکتوبر 2026 کو سیکیورٹی فورسز نے قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن کیا، کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 4 دہشت گرد ہلاک کردیے گئے، علاقے سے اسلحے اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ بھی برآمد ہوا۔

بقیہ 36

طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ امتِ مسلمہ کا اتحاد عالمِ اسلام کے امن واستحکام کی ضمانت ہے۔

بقیہ 37

سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر زاہد حسین نے تصدیق کی کہ حادثے میں ایک شخص شدید زخمی حالت میں تھا جسے مزید علاج اور بہتر طبی سہولیات کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق جاں بحق افراد کا تعلق ضلع سبی سے بتایا جارہا ہے۔

بقیہ 38

حسین سومرو سے معذرت کرنا پڑی۔

بقیہ 39

قاسم انڈسٹریل پارک سمیت خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس کے تحت تجارت اور کاروباری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ سے برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 40

افراد کے ہمراہ لیسکو اہلکاروں کو اسلحے کے زور پر تشدد کا نشانہ بنایا، یرغمال بنائے رکھا، موبائل فون چھین لیا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ ملوث افراد کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ نے کہا کہ بجلی چوری کے خلاف کارروائی کرنے والے اہلکاروں کو ہراساں کرنا اور ان پر تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں۔ سرکاری فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ ڈالنے اور تشدد میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 41

ہریانہ اور ایک کا بہار سے ہے جبکہ ملزمان کا تعلق لارنس بشنوئی گینگ سے بتایا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ ٹائیگر شروف کی گاڑی پر فائرنگ کا واقعہ گزشتہ روز ممبئی کے علاقے جوہو میں پیش آیا تھا جب وہ فٹ بال میچ کھیلنے کے بعد روانہ ہو رہے تھے۔ فائرنگ کے واقعے میں ٹائیگر شروف محفوظ رہے تھے جب کہ ڈرائیور سمیت 2 افراد زخمی ہوئے۔

بقیہ 42

رہے کہ 8 اکتوبر کو سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ساجد بیگ نے تقریب سے خطاب میں کہا تھا کہ جیل میں اس وقت تقریباً 8 ہزار قیدی موجود ہیں۔ گنجائش سے زائد قیدیوں کی تعداد ایک مسئلہ ضرور ہے تاہم قیدیوں کے حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جاتا اور جوڈیشل افسران باقاعدگی سے جیل کا دورہ کرتے ہیں۔

بقیہ 43

ذریعے کی جاسکتی ہے۔ حج درخواست کی منسوخی سے بچنے کے لیے واجبات بروقت جمع کروائیں۔ حج پورٹل پر موجود میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر کے ڈاکٹر سے تصدیق کروانا لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تصدیق شدہ میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ حج پورٹل پر اپلوڈ کرنا لازم ہے۔ عازمین حج نئی معلومات اور ہدایات کے لیے پاک حج ایپ لازمی استعمال کریں۔

بقیہ 44

تک مکمل کی جائے گی، لینڈفل سائٹ پر کراچی کے کچرے کو سائنسی اور منظم انداز میں تلف کیا جائے گا، جدید ویسٹ مینجمنٹ سسٹم سے ماحولیاتی مسائل اور تعفن کے خاتمے میں مدد ملے گی جب کہ شہر کے دیگر اضلاع میں بھی عالمی معیار کے ویسٹ ڈسپوزل پوائنٹس قائم کیے جائیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں مراد علی شاہ نے کہا کہ گورنر راج آئینی ہے مگر جمہوری نہیں ہے، کوئی نہیں چاہتا کہ صوبے کی منتخب حکومت کو ہٹایا جائے، اس وقت ملک کا سب سے بڑا مسئلہ دہشتگردی ہے، جب ملک میں دہشتگردی ہو اور صوبے کارروائی سیمبع کریں تو کیا کہہ سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ کا کہنا تھا کہ صوبے بنانے کے لیے کوئی اکثریت نہیں۔ میر رضا کیس سے متعلق مراد علی شاہ نے کہا کہ میر رضا کیس کے لیے کابینہ نے جوڈیشل کمیشن بنانے کا کہا تھا، اب کابینہ ہی کمیشن کی رپورٹ کا بند لفافہ کھول کر فیصلہ کرے گی۔

بقیہ 45

ہوئے۔ دو ملزموں نے اپنے پستولوں سے ان پر فائرنگ بھی شروع کردی جس سے بھائی صلاح الدین اور وہ شدید زخمی ہوگیا۔ انہیں طبی امداد کیلئے ہمسائیوں نے ہسپتال منتقل کیا تاہم بھائی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ انہوں نے قتل اور اقدام قتل کی دعویداری اسرار الدین، کفایت اور راحت شاہ پر کی اور بتایا کہ وجہ عناد یہ ہے کہ ملزمان انہیں گیس کنیکشن کاٹنے سے منع کر رہے تھے۔ پولیس نے ملزموں کے خلاف مقدمہ درج کرکے ان کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 46

مطابق 2010 یعنی گزشتہ 16 سالوں سے فیسوں میں اضافہ نہیں ہوا تھا، اس برس بھی فیس 15 ہزار روپے مقرر کی گئی تھی، فیسوں میں اضافے کا اطلاق نئے داخلوں پر ہوگا۔ ترجمان یو ایچ ایس کے مطابق سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کے نئے تعلیمی سیشن 2026-27 میں داخلہ لینے والے طلبہ 50 ہزار روپے جمع کروائیں گے۔

بقیہ 47

بہتر بنانے پر زور دیا۔ صفائی عملے اور ستھرا پنجاب کے ورکرز کی شفٹ وار حاضری بھی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق پائی گئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کو بہتر ماحول اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 48

کرنا اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق تجاوزات کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا اور غیر قانونی تعمیرات کے دوبارہ قیام کو روکنے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت فراہم کرنے اور شاہراہوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے متعلقہ ادارے متحرک ہیں۔ شہریوں اور دکانداروں سے اپیل ہے کہ وہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 49

نے مقدمہ درج کرکے ٹیکنیکل وہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 50

ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 51

اولین ترجیحات میں شامل ہے، ہر خاص و عام کے لیے بلا تفریق ڈی پی او دفتر کے دروازے کھلے ہیں۔ عوام اور پولیس کے درمیان باہمی روابط کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ جرائم میں کمی واقع ہو سکے۔ اس موقع پر شہریوں کے مسائل فوری طور پر ضابطہ پولیس کے تحت حل کرنے کے لئے احکامات جاری کیے گئے۔ کھلی کچہری کے دوران سائلین کی درخواستیں اور شکایات تفصیل سے سنی گئیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کی کہ تمام درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق مقررہ وقت میں یکسو کیا جائے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 52

چانسلر پروفیسر ڈاکٹر فرخ ارسلان صدیقی اور اخوت فاؤنڈیشن کے بانی و ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر امجد ثاقب نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس معاہدے کا مقصد دونوں اداروں کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینا، معیاری تعلیم کے مواقع میں اضافہ کرنا اور طلبہ و اساتذہ کی علمی، تحقیقی اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے مشترکہ اقدامات کرنا ہے۔ مزید براں اخوت فاؤنڈیشن ہر سال یونیورسٹی آف چکوال کی دو مستحق طالبات کے مکمل تعلیمی اخراجات بھی برداشت کرے گی۔ اس موقع پر دونوں اداروں کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 53

آئی اے کراچی زون کے مطابق انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران غیر ملکی شہریوں کو منظم انداز میں نشانہ بنانے والے سائبر فراڈ نیٹ ورک کو پکڑا گیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گرفتار ملزمان خود کو غیر ملکی بینکوں اور مالیاتی اداروں کے نمائندے ظاہر کر کے شہریوں کی حساس ذاتی اور بینکنگ معلومات حاصل کرتے تھے، جنہیں بعد ازاں مبینہ طور پر مالیاتی فراڈ کی وارداتوں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ چھاپے کے دوران مبینہ وارداتوں میں زیرِ استعمال 36 لیپ ٹاپس، 8 موبائل فونز، ایک ڈی وی آر اور سائبر فراڈ میں استعمال ہونے والے دیگر جدید ڈیجیٹل آلات برآمد کر کے قبضے میں لے لیے گئے ہیں۔ این سی سی آئی اے حکام کے مطابق واقعے کا مقدمہ پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (پی سی سی) 2016 ترمیم شدہ (2025) کی متعلقہ دفعات اور پاکستان پینل کوڈ کے تحت درج کر لیا گیا ہے، جبکہ مالیاتی لین دین کا سراغ لگانے اور گروہ کے دیگر سہولت کاروں کی نشاندہی کے لیے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ غیر قانونی کال سینٹرز، مالیاتی فراڈ اور دیگر سائبر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائیوں کا سلسلہ بدستور جاری رہے گا۔

بقیہ 54

پر سڑک کی بحالی اور پائیداری کے لیے بھی کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ قائداعظم روڈ سے ایل ای بی پی تک سروس روڈ کی بحالی کا کام جاری ہے۔ سروس روڈ بحالی منصوبے کے پیکیج ون، ٹو اور تھری کا سب بیس کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ سڑکوں کی بحالی اور سفری سہولیات میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 55

ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورکمیٹی اجلاس میں سلمان اکرم راجا نے سہیل آفریدی کو ناکامی کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا، سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، علی امین گنڈاپور بھی کورکمیٹی میٹنگ میں موجود تھے۔ اسد قیصر نے دعویٰ کیا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کا فیصلہ بہت پہلے ہوچکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوے کے لیے کیے گئے۔

بقیہ 56

کی توقع ہے، سائٹ کراچی میں کچرے کو سائنسی اور منظم انداز میں ٹھکانے لگانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ رپورٹ کے مطابق جام چاکرو میں مجوزہ میکانائزڈ لینڈفل سائٹ 3 ہزار ایکڑ پر مبنی ہوگی اور یہاں اگلے ڈیڑھ سو سال تک کچرا جمع کیا جاسکے گا۔ لینڈفل سائٹ پر مختلف اقسام کا کچرا علیحدہ کرنے کے لیے بلاکس مخصوص ہوں گے جبکہ اگلے مرحلے میں نجی شراکت داری کے ذریعے کچرے سے بجلی بنانے کا منصوبہ شروع کیا جائے گا۔ یہ پاکستان میں اپنی نوعیت کی سب سے بڑی لینڈفل سائٹ ہوگی جہاں شہر بھر کا کچرا ٹھکانے لگایا جاسکے گا، کراچی کے مختلف اضلاع سے یومیہ 12 سے 15 ہزار ٹن کچرا لینڈفل سائٹس پر جمع کیا جاتا ہے جس کے لیے دو لینڈفل سائٹس موجود ہیں جن میں جام چاکرو اور گوند پاس لینڈفل سائٹ شامل ہیں جبکہ کئی مقامات پر گاربیج ٹرانسفر اسٹیشنز بھی قائم ہیں۔

کوٹلی ستیاں میں کھلی کچہری، ڈپٹی کمشنر مری نے عوامی مسائل سنے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، سی ای او ہیلتھ اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران کی اجلاس میں شرکت

عوامی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنانے کا حکم، ضلعی انتظامیہ تک عوام کی براہِ راست رسائی کے لیے اقدامات تیز

کوٹلی ستیاں (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباسی شیرازی کی جانب سے تحصیل کوٹلی ستیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر، اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں، سی ای او ہیلتھ سمیت محکمہ پولیس، محکمہ ریونیو، محکمہ جنگلات، پی ڈی ایم اے، محکمہ ہائی ویز اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباسی شیرازی نے شہریوں کے مسائل براہِ راست سنے (بقیہ نمبر 1)

ہاؤسنگ سکیم ٹو میں گوبر، بدبو اور کھلے جانوروں سے شہری عاجز

گوجرخان کی آبادیوں میں بھینسوں کے باڑے، ستھرا پنجاب کی صفائی پر پانی پھرنے لگے

شہریوں کا باڑوں کی شہر سے باہر منتقلی کا مطالبہ، اے سی اور چیف آفیسر بلدیہ سے فوری کارروائی کی اپیل

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان سٹی کی رہائشی آبادیوں میں قائم بھینسوں کے باڑوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کردیا ہے۔ سابق ایس ڈی او مرزا نظر نے ہاؤسنگ سکیم ٹو، سرور شہید کالج سے متعلقہ علاقے میں بھینسوں کے باڑوں کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں کے مکین ان سے پیدا ہونے والے مسائل سے شدید متاثر ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق باڑوں سے اٹھنے والی بدبو، تعفن اور گوبر (بقیہ نمبر 5)

لاہور ہائی کورٹ کی چیف جسٹس، جسٹس عالیہ نیلم کی بار آمد پر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ملتان کی صدر سیدہ بشریٰ نقوی اور جنرل سیکرٹری ملک سعادت حسین کی جانب سے انہیں یادگاری تحفہ پیش کیا جا رہا ہے

کندھ کوٹ، غوثپور میں قومی عوامی تحریک کی احتجاجی ریلی

ایس ایچ او ہٹاؤ نوجوان نسل بچاؤ کے نعرے، کارروائی کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوثپور میں قومی عوامی تحریک کی جانب سے ایس ایچ او غوثپور ہٹاؤ، نوجوان نسل بچاؤ کے عنوان سے احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں تحریک کے رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کرتے ہوئے شہر میں مبینہ طور پر جاری غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف آواز بلند کی۔ احتجاجی ریلی شہر کے مختلف (بقیہ نمبر 2)

سرکاری میڈیکل، ڈینٹل کالجز کی سالانہ فیسوں میں 233 فیصد اضافہ

2010 یعنی گزشتہ 16 سالوں سے فیسوں میں اضافہ نہیں ہوا تھا

لاہور (اے ایف بی) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) لاہور نے سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کی سالانہ فیسوں 200 فیصد سے زائد کا اضافہ کردیا ہے۔ ترجمان یو ایچ ایس کے مطابق سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کی سالانہ فیسوں میں 233 فیصد اضافہ کیا ہے، یہ اقدام نئی داخلہ پالیسی کے تحت کیا گیا ہے۔ ترجمان کے (بقیہ نمبر 46)

لاہور، چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور غزالی سلیم بٹ بورڈ آف ڈائریکٹر کے دورے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

یونیورسٹی آف چکوال اور اُخوت فاؤنڈیشن کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

چکوال (این این آئی) یونیورسٹی آف چکوال اور اُخوت فاؤنڈیشن کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق یونیورسٹی آف چکوال اور اُخوت فاؤنڈیشن (اخوت کالج برائے خواتین چکوال) کے درمیان تعلیمی روابط کے فروغ ... اضافے ... دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں یونیورسٹی آف چکوال کے وائس (بقیہ نمبر 52)

مزدا اور کار میں خوفناک تصادم، خواتین اور بچوں سمیت 4 افراد جاں بحق

کوئٹہ (آئی آئی پی) بلوچستان کے ضلع بولان میں دربی کے قریب مزدا اور آلٹو کار کے تصادم کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کے فوراً بعد جاں بحق اور زخمی افراد کو ڈی ایچ کیو ہسپتال ... (بقیہ نمبر 37)

ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں

ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے، طاہر اشرفی

اسلام آباد (اے ایف بی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں حافظ طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک بھی شامل ہوں گے۔ حافظ (بقیہ نمبر 36)

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ (CHG) کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کرنے کے لیے تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبہ پہنچ گئے

منشیات سپلائر شاہد کو 14 سال قید، 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث جرم ثابت ہونے پر منشیات سپلائر شاہد کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم شاہد کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 5 کلوگرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ رتہ امرال پولیس نے ستمبر 2025ء میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔

2 منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، آر اے بازار پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 420 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ...

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ (CHG) کے اجلاس میں شرکت کے لیے تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبہ روانہ ہو رہے ہیں

عدالت میں دورانِ سماعت سیلفیاں بنانا وکیل کو مہنگا پڑ گیا

جسٹس خادم حسین سومرو کا وکیل کی جانب سے سیلفیاں بنانے پر اظہارِ برہمی

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیسز کی سماعت کے دوران وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا۔ کمرہ عدالت میں کیسز کی سماعت کے دوران جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل کو سیلفی بناتے ہوئے دیکھا تو برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب یہ کیا کر رہے ہیں آپ، کچھ خدا کا خوف کریں، یہ عدالت ہے لہٰذا عدالت کے ڈیکورم کا کم از کم خیال رکھیں۔ وکیل کو سیلفیاں بنانے کے معاملے پر جسٹس خادم (بقیہ نمبر 38)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت

رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد کا ایس آئی ایف سی کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ... ایف سی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران سیکرٹری ایپکس کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے وفد کو ون ونڈو سہولت کاری اور سرمایہ کاری ... (بقیہ نمبر 39)

این سی سی آئی اے نے کراچی میں غیر قانونی کال سینٹر پر چھاپہ

غیر ملکیوں سے فراڈ میں ملوث 11 ملزمان گرفتار، ترجمان این سی سی آئی اے

اسلام آباد (اے ایف بی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر کراچی زون نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے غیر ملکی شہریوں سے سائبر فراڈ میں ملوث غیر قانونی کال سینٹر کا نیٹ ورک بے نقاب کر کے مالک سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان این سی سی (بقیہ نمبر 53)

7 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 7 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر کے 7 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ وارث خان، چکلالہ، مورگاہ، صدر واہ اور جاتلی کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

صوبائی وزیر تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس

رنگ روڈ نادرن لوپ کے کیرج وے پر تعمیراتی و مرمتی کام کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں رنگ روڈ نادرن لوپ کے کیرج وے پر جاری تعمیراتی و مرمتی کام کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں رنگ روڈ اتھارٹی کے افسران نے صوبائی وزیر کو جاری کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رنگ روڈ اتھارٹی کی جانب سے نادرن لوپ کے مین کیرج وے پر سیل کوٹ کا کام جاری ہے جبکہ مین کیرج وے (بقیہ نمبر 54)

طالبعلم کی مبینہ برہنہ ویڈیو وائرل، پولیس اہلکار سمیت 3 افراد پر مقدمہ درج

حبسِ بے جا بلیک میلنگ کے سنگین الزامات سی پی او راولپنڈی سے شفاف تحقیقات اور سخت کارروائی کا مطالبہ

محافظ ہی مبینہ الزامات کی زد میں آجائیں تو پولیس پر اعتماد کیسے برقرار رہے؟ کیس کو ٹیسٹنگ کیس بنانے پر زور

گوجرخان (قمر شہزاد) سکھو کے رہائشی خرم شیراز نے ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا ہے کہ اس کے کم عمر بیٹے محمد اسماعیل، طالب علم پنجاب کالج گوجرخان، کو احسن قریشی اور اس کے بھائی محسن قریشی نے پتنگیں دلوانے کے بہانے مبینہ طور پر اپنے ساتھ لے جا کر تشدد کا نشانہ بنایا، ایک کمرے میں محبوس رکھا اور برہنہ کر کے ویڈیو بنائی، جبکہ کسی کو بتانے پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ والد کے مطابق بعد ازاں ویڈیو کے اسکرین شاٹس مختلف افراد کو بھیجے گئے اور ریحان ظفر نے بھی مبینہ طور پر (بقیہ نمبر 6)

لاہور، ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین و نائب صدر ڈی کی اعجاز، بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلوچستان کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم 2026 کے حوالے سے ایف پی سی سی آئی ریجنل آفس لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر سیدہ زینب حسین کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

عملہ ڈیوٹی روسٹر کے مطابق حاضر، صفائی کے انتظامات تسلی بخش، مزید بہتری کی ہدایت

ترقیاتی کام جلد مکمل کرنے کا حکم، عوامی خدمت اور سروس ڈلیوری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کا اچانک دورہ کیا، جہاں ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق مرزا اور اے ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ نے انہیں ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کروایا۔ اس موقع پر انہوں نے عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مجموعی انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز، نرسز، تمام متعلقہ عملہ حاضر پایا گیا، جبکہ صفائی کے انتظامات تسلی بخش قرار دیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے وائٹ واش سمیت دیگر ضروری کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور صفائی کے معیار کو مزید (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ کے زیرِ انتظام ڈھوک سیداں گرجا روڈ اور مصریال روڈ پر جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں

گورنر راج کا فیصلہ بہت پہلے ہو چکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوا تھے

لانگ مارچ سے متعلق فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے پر غور ہو رہا ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما اسد قیصر نے حکومت کی جانب سے مذاکرات کو دکھاوا قرار دیدیا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ لانگ مارچ سے متعلق فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے پر غور ہو رہا (بقیہ نمبر 55)

مریض کے لواحقین اور ویمن ڈاکٹر کے درمیان جھگڑا، 2 خواتین گرفتار

راولپنڈی (آئی آئی پی) گلاب دیوی ہسپتال میں مریض کے لواحقین اور خاتون ڈاکٹر میں تلخ کلامی کے بعد جھگڑا ہوا جس کے بعد پولیس نے 2 خواتین کو گرفتار کرلیا جبکہ ہسپتال میں زیر علاج مریض بھی چل بسا۔ سات روز قبل جیا موسیٰ کا رہائشی ذوالفقار گلاب دیوی ہسپتال میں داخل ہوا جہاں گزشتہ روز مریض کو آئی سی یو میں منتقل کرنے کے معاملے پر مریض کے لواحقین اور خاتون ڈاکٹر مدحت زہرا میں جھگڑا ہوا جس کی ویڈیو بھی سامنے آئی ہے۔ فوٹیج میں خواتین کو ڈاکٹر پر تشدد کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔

خیبر پختونخوا میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع

تجاوزات کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا، ڈپٹی کمشنر پشاور

پشاور (اے ایف بی) پشاور رنگ روڈ پر تجاوزات کے خلاف بڑے آپریشن کا آغاز ہوگیا، گڑھی قمر دین میں درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کی موجودگی میں بھاری مشینری کی مدد سے درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دی گئیں۔ آپریشن میں پی ڈی اے سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔ کارروائی کا مقصد رنگ روڈ اور ملحقہ علاقوں سے تجاوزات کا خاتمہ، سڑک کی حدود بحال (بقیہ نمبر 48)

کینٹ بورڈ کے زیرِ انتظام علاقوں میں گندگی کے ڈھیر، شہری پریشان

ڈھوک سیداں گرجا روڈ اور مصریال روڈ پر صفائی کی صورتحال ابتر، سینیٹیشن برانچ کی کارکردگی پر تشویش

میڈیا نشاندہی کے باوجود بہتری نہ آ سکی، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ کے زیرِ انتظام ڈھوک سیداں گرجا روڈ اور مصریال روڈ پر جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بن گئے۔ کچرے سے اٹھنے والی بدبو اور تعفن کے باعث معمولاتِ زندگی متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ میڈیا پر نشاندہی کے باوجود صفائی کی صورتحال میں نمایاں بہتری سامنے نہیں آ سکی۔ ذرائع کے مطابق سینیٹیشن برانچ کے بعض (بقیہ نمبر 3)

کراچی میں کچرا ٹھکانے لگانے کے نظام میں بڑی تبدیلی کا آغاز

جام چاکرو میں میکانائزڈ لینڈ فل سائٹ کے پہلے سیل کو فعال بنایا جا رہا ہے

کراچی (اے ایف بی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ کراچی میں کچرا اٹھانے اور ٹھکانے لگانے کے نظام میں بڑی تبدیلی کا آغاز ہو رہا ہے۔ ایک بیان میں مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ جام چاکرو میں میکانائزڈ لینڈ فل سائٹ کے پہلے سیل کو فعال بنایا جا رہا ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ جام چاکرو میں میکانائزڈ لینڈ فل سائٹ کے مجموعی طور پر 5 سیل تعمیر کیے جا رہے ہیں، جام چاکرو لینڈ فل سائٹ کے پانچوں سیل دسمبر 2026 تک مکمل ہونے (بقیہ نمبر 56)



لاہور، ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد نواز گوندل کو ایڈیشنل سیکرٹری طیب عبداللہ سوونیر دے رہے ہیں۔

راولپنڈی، شہری کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم نے معمولی تلخ کلامی پر چھری کے وار کر کے شہری کو زخمی کر دیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے چند روز قبل معمولی تلخ کلامی پر چھری کے وار کر کے شہری کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند روز قبل معمولی تلخ کلامی پر چھری کے وار کر کے شہری کو زخمی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم وقوعہ کے بعد فرار ہو گیا تھا، تھانہ بنی پولیس (بقیہ نمبر 49)

اڈیالہ جیل کا حوالاتی دورانِ علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا

راولپنڈی (آئی آئی پی) اڈیالہ جیل کا حوالاتی دورانِ علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ اڈیالہ جیل سے علاج کے لیے لایا گیا حوالاتی ڈی ایچ کیو میں دم توڑ گیا، حوالاتی علی کامران کو گزشتہ روز طبیعت خرابی پر جیل سے ڈی ایچ کیو منتقل کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق حوالاتی کے خلاف تھانہ ویسٹریج میں منشیات برآمدگی کا مقدمہ درج ہے۔ واضح (بقیہ نمبر 42)

لیسکو قصور سرکل میں چیکنگ ٹیم پر مسلح افراد کا تشدد

اہلکاروں کو یرغمال بنا لیا، سنگین نتائج کی دھمکیاں، مقدمہ درج کرلیا گیا

لاہور (آئی آئی پی) لیسکو قصور سرکل کی نیاز نگر سب ڈویژن کے علاقے کورٹ مولوی عبدالقادر میں عملہ نے دورانِ چیکنگ بوگس میٹر کے ذریعے بجلی چوری کا انکشاف کیا۔ ٹیم نے موجودہ میٹر کی ریڈنگ اور میٹر نمبر میں گزشتہ ریکارڈ کے مقابلے میں فرق پایا، جس سے بجلی چوری کی نشاندہی ہوئی۔ ترجمان لیسکو کے مطابق دورانِ چیکنگ اے ایل ایم بلال اور فیاض کی جانب سے کارروائی کی ویڈیو بنانے پر مبینہ طور پر صارف اسد حسین نے 5 مسلح (بقیہ نمبر 40)

لاہور، صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر، لاہور میں پی پی 168، یوسی 109 کے دورے کے موقع پر جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

ملتان میں تیز رفتار کار حادثے کا شکار، 5 افراد جاں بحق

ملتان (آئی آئی پی) ملتان کے بوسن روڈ پر تیز رفتاری کے باعث پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ تیز رفتار کار بے قابو ہو کر پہلے ڈیوائیڈر سے ٹکرائی اور پھر خالی پلاٹ کی دیوار سے جا ٹکرائی، حادثے میں کار سوار پانچوں افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے لاشوں کو نشتر ہسپتال منتقل کر دیا، جاں بحق ہونے والے پانچوں افراد کا تعلق شجاع آباد سے تھا۔

ڈیرہ غازی خان: وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، سردار فاروق احمد خان لغاری ایئرپورٹ توسیعی منصوبے کے سربراہ قاسم بٹ سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

سرکاری حج سکیم کے حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی 20 اکتوبر تک مکمل کرلیں

اسلام آباد (اے ایف بی): وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے کہا ہے کہ سرکاری حج سکیم کے حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی میں ایک دن باقی رہ گیا ہے اس لئے 20 اکتوبر تک لازمی مکمل کرلیں۔ پیر کو ایک بیان میں ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ واجبات کی ادائیگی کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کا حج پورٹل یا پاک حج ایپ استعمال کریں۔ پورٹل پر ادائیگی بینک کارڈ، ون لنک یا مینول بینک چالان کے (بقیہ نمبر 43)

ٹائیگر شروف پر قاتلانہ حملہ کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار

ملزمان ٹرین کے ذریعے فرار ہو رہے تھے، راجستھان ریلوے سٹیشن سے گرفتار کیا

ممبئی (آئی آئی پی) بالی ووڈ اداکار ٹائیگر شروف پر قاتلانہ حملہ کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکار ٹائیگر شروف کی گاڑی پر گزشتہ روز ہونے والی فائرنگ کے الزام میں تین افراد راجستھان سے گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ملزمان ٹرین کے ذریعے فرار ہو رہے تھے اور پولیس نے ملزمان کو راجستھان ریلوے سٹیشن سے گرفتار کیا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان میں سے دو کا تعلق ریاست (بقیہ نمبر 41)

اس وقت صوبے بنانے کیلئے کوئی اکثریت نہیں ہے

کراچی کو صاف کرنے کا یہ منصوبہ ہے، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ

کراچی (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اس وقت صوبے بنانے کے لیے کوئی اکثریت نہیں ہے۔ جام چاکرو میں جدید لینڈ فل سائٹ کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ کراچی کو صاف کرنے کا یہ منصوبہ ہے، جام چاکرو لینڈ فل سائٹ پر مجموعی طور پر 5 جدید سیل تعمیر کیے جا رہے ہیں جن کی تعمیر دسمبر (بقیہ نمبر 44)

کندھ کوٹ، پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن کا احتجاج، مطالبات تسلیم کرنے کا مطالبہ

سروس اسٹرکچر کی بہتری بائیومیٹرک نظام ضلعی سطح پر منتقل کرنے اور پرائمری اسکولوں کے مسائل حل کرنے کے لیے

اساتذہ کا آواز بلند کرنے کا اعلان مطالبات منظور نہ ہونے پر کراچی پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کی وارننگ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن پ ٹ الف کی جانب سے سندھ بھر کی طرح کندھ کوٹ میں بھی اساتذہ کے جائز مطالبات کی منظوری حقوق کے تحفظ اور درپیش مسائل کے حل کے لیے احتجاج کیا گیا جس میں اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے مطالبات کے حق میں آواز بلند کی احتجاج کے دوران اساتذہ نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ تدریسی عملے کو درپیش مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے اور ان کے جائز مطالبات منظور کر کے انہیں درپیش مشکلات کا (بقیہ نمبر 7)

بجلی چور صارفین سے سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنیکا فیصلہ

میٹر میں ٹمپرنگ پر 14400 روپے سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنا شروع کر دی

لاہور (اے ایف بی) لیسکو نے بجلی چوری کرنے والے صارفین سے اے ایم آئی سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کرنے کا فیصلہ کرلیا، ٹمپرنگ ثابت ہونے پر صارفین کو سٹیٹک میٹر کی بجائے سمارٹ میٹر کے لئے چودہ ہزار چار سو روپے کا ڈیمانڈ نوٹس ادا کرنا پڑے گا۔ لیسکو نے بجلی چوری کرنے والے صارفین سے اے ایم آئی سمارٹ سنگل فیز میٹر کی قیمت وصول کرنے کا فیصلہ کیا ہے، میٹر میں ٹمپرنگ یا پھر چوری کے لئے ہیرا پھیری کرنے پر بھاری قیمت وصول کی جائیگی۔ بجلی چوری میں ملوث صارفین سے اے ایم آئی سمارٹ میٹر کی قیمت وصول کی جائیگی، سنگل فیز میٹر میں ٹمپرنگ اور ہیرا پھیری کی صورت میں بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی۔

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے (بقیہ نمبر 50)

جاتلی دوہرا قتل کیس، 12 سال بعد اشتہاری گرفتار، آلہ قتل برآمد

کراچی ایئرپورٹ سے گرفتار ہونے والے اشتہاری خالد محمود کی نشاندہی پر رائفل 44 بور برآمد

کونتریلہ میں ٹرانسپورٹر اور موہڑہ جاڑیاں میں خاتون کا قتل، بڑا بھائی ظفر محمود تاحال مفرور

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ جاتلی میں 21 اگست 2014ء کو درج دوہرے قتل کے مقدمہ نمبر 249/14 میں پولیس نے 12 سال بعد مبینہ آلہ قتل رائفل 44 بور برآمد کرلی۔ مقدمے کے مطابق موہڑہ جاڑیاں کے رہائشی دو بھائیوں ظفر محمود عرف ظفری اور خالد محمود عرف خالدی پر ٹرانسپورٹر راجہ طاہر اعجاز کو ویگن اڈہ یونین کونسل کونتریلہ کے قریب اور رخمت جان کو موہڑہ جاڑیاں میں اس کے گھر میں فائرنگ کر کے قتل کرنے کا الزام ہے۔ ذرائع کے مطابق دوہرے قتل کی واردات سابقہ رنجش کا شاخسانہ تھی۔ واردات کے بعد دونوں (بقیہ نمبر 4)

ڈی پی او چکوال کی کھلی کچہری، درخواست دہندگان کے مسائل سنے

تمام درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق مقررہ وقت میں یکسو کیا جائے

چکوال (این این آئی) ڈی پی او چکوال کاشف ذوالفقار نے کھلی کچہری کے دوران درخواست دہندگان کے مسائل سنے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے سروس ڈلیوری کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں تمام درخواست دہندگان کے مسائل سنے گئے اور انکو موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔ ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کے مسائل حل کرنا میری (بقیہ نمبر 51)

گیس کنکشن کاٹنے کے تنازع پر ہمسائیوں کی فائرنگ، ایک بھائی قتل

پشاور (آئی آئی پی) پشاور کے علاقے ... گیس کنکشن کاٹنے کے تنازع پر ... فائرنگ ... صلاح الدین ... (بقیہ نمبر 45)

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ جام چاکرو میں پہلے جدید میکانائزڈ لینڈ فل پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035